★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | بدھ 3 محرم الحرام 1445ھ 10 جولائی 2024ء 27 ہاڑ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 272

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 11 واں اجلاس

500 یونٹ تک خرچ کرنیوالے 45 لاکھ صارفین کیلئے سولر سسٹم کی منظوری

صوبائی کابینہ کا پہلی مرتبہ آٹے کے نرخ مقرر کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین، پنجاب کی سوشل اکنامک رجسٹری کام شروع کر رہی ہے، عوام کے مفادات کا تحفظ بہت ضروری ہے، مریم نواز شریف

بجلی کے بل بڑھنے کی وجہ سے عوام میں بے چینی ہے، یہ نہیں ہونا چاہیے کہ سرمایہ کار امیر ہو جائیں اور غریب اپنی چھت بنانے سے بھی رہ جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 11 واں اجلاس منعقد ہوا، صوبائی کابینہ نے پہلی مرتبہ آٹے کے نرخ مقرر کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کابینہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ 500 یونٹ تک خرچ کرنے والے 45 لاکھ صارفین کے لئے سولر سسٹم لا رہے ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 11 ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

”میرے بچوں! قوم کو آپ پر فخر ہے“

وزیراعلیٰ مریم نواز کی میٹرک میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارک باد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میٹرک میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارک باد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام طلبہ کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ میرے بچوں! قوم کو آپ پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

لاہور بورڈ میں کامیابی کا تناسب 69.75 فیصد رہا

سرگودھا بورڈ میں کامیابی کا تناسب 77.61، ملتان بورڈ کا 78.60 فیصد رہا

لاہور/سرگودھا/ملتان (این این آئی) لاہور بورڈ نے میٹرک کے نتائج کا اعلان کر دیا جس میں کامیابی کا تناسب 69.75 فیصد رہا۔ کنٹرولر بورڈ زاہد میاں کے مطابق 2 لاکھ 50 ہزار سے زائد طلبہ امتحانات میں شریک ہوئے، 1 لاکھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین کی وزیراعظم سے ملاقات، مختلف امور پر غور

متعدد چیلنجز کے باوجود پاکستان نے ہمیشہ افغان مہاجرین کی انتہائی عزت اور وقار کے ساتھ میزبانی کی ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین (یو این ایچ سی آر) عزت مآب فلپو گرانڈی نے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے یو این ایچ سی آر کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری کا حوالہ دیتے ہوئے چار دہائیوں سے زائد عرصے سے افغان مہاجرین کی میزبانی میں اقوام متحدہ کی جانب سے پاکستان کی حمایت کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ متعدد چیلنجز کے باوجود پاکستان نے ہمیشہ افغان مہاجرین کی انتہائی عزت اور وقار کے

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4

وزیراعظم کا 200 یونٹس والے بجلی صارفین کو 3 ماہ کیلئے رعایت دینے کا اعلان

اگر ہم نے ریاست کو نہ بچایا ہوتا تو پھر کہاں کا بجٹ اور کہاں کی سیاست، اللہ کا شکر ہے پاکستان ڈیفالٹ ہونے سے بچ گیا، کہا گیا 90 دن میں کرپشن کو ختم کر دیا جائے گا، کرپشن ختم نہیں ہوئی مگر اتنے بڑے اسکینڈل آئے جو سب کے سامنے ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 200 یونٹ والے صارفین کو اگلے 3 ماہ کیلئے رعایت دے رہے ہیں، اگر ہم نے ریاست کو نہ بچایا ہوتا تو پھر کہاں کا بجٹ اور کہاں کی سیاست، اللہ کا شکر ہے پاکستان ڈیفالٹ ہونے سے بچ گیا، کہا گیا 90 دن میں کرپشن کو ختم کر دیا جائے گا، کرپشن ختم نہیں ہوئی مگر اتنے بڑے اسکینڈل آئے جو سب کے سامنے ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے شکریہ کہ حالیہ بجٹ پاس کرنے میں آپ نے دل جمعی کے ساتھ حصہ لیا، بجٹ کو ہم نے بڑی محنت سے منظور کروایا، اگر ہم نے ریاست کو نہ بچایا ہوتا تو پھر کہاں کا بجٹ اور کہاں کی سیاست، اللہ کا شکر ہے پاکستان ڈیفالٹ ہونے سے بچ گیا، کہا گیا 90 دن میں کرپشن کو ختم کر دیا جائے گا، کرپشن ختم نہیں ہوئی مگر اتنے بڑے اسکینڈل آئے جو سب کے سامنے ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چینی اور گندم کو پہلے ایکسپورٹ کیا گیا اور پھر امپورٹ کیا گیا اور دوستوں کی جیبیں بھری گئیں، پھر کہا گیا کہ پاکستان کا 300 ارب ڈالر لوٹا ہوا واپس لائیں گے مگر اس کا ایک ڈھیلا تک واپس نہیں آیا تاہم این سی اے کی مہربانی سے 190 ملین پاؤنڈ بھجوائے گئے تاکہ یہ رقم قوم کے خزانے میں جمع ہو مگر کس طرح پیرا پھیری سے اس پیسے پر بھی ہاتھ صاف کیے گئے، یہ ہے وہ ریکارڈ اس زمانے کا اور اس حکومت کا۔ انہوں نے بتایا کہ نواز شریف کی قیادت میں ہم نے جو عوامی خدمت کا بیڑہ اٹھایا ہے اس میں کہیں بھی غلط بیانی سے کام نہیں لیا، ہم نے دانستہ طور پر عوام سے کوئی جھوٹ نہیں بولا، یہ 76 سالہ نتیجے میں آج قوم جہاں کھڑی ہے اور جن چیلنجز کا ہمیں سامنا ہے وہ ہم مل کر حل کر لیں گے، اس حوالے سے باتیں کی گئیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

عدت میں نکاح کیس، خاور مانیکا کی درخواستِ التواء مسترد

ہائی کورٹ سے ڈائریکشن آگئی ہے، ہم کیس سنیں گے، جج کے ریمارکس

سب مقدمات میں عدت والا کیس بہت بیہودہ ہے، سلمان صفدر کے دلائل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی عدت میں نکاح کیس میں سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت کرتے ہوئے خاور مانیکا کے وکیل کی التواء کی درخواست مسترد کر دی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

حکومت نے آئی ایس آئی کو شہریوں کی فون کالز سننے، ٹریس کرنے کی اجازت دیدی

فیصلہ قومی سلامتی کے مفاد میں کسی جرم کے خدشے کے پیش نظر کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے آئی ایس آئی کو شہریوں کی فون کال سننے یا ٹریس کرنے کی اجازت دیدی۔ کابینہ نے سمری کی منظوری سرکولیشن کے ذریعے دی، سمری کے مطابق فیصلہ قومی سلامتی کے مفاد میں کسی جرم کے خدشے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

شہباز شریف نے اپنی شہ رگ کاٹ دی

عمر ایوب کا حساس ادارے کو فون ٹیپنگ کی اجازت پیتنج کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف و رہنما پاکستان تحریک انصاف عمر ایوب نے وزیراعظم کی جانب سے حساس ادارے کو فون ٹیپنگ کی اجازت کا نوٹیفکیشن عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ فارم 47 کے وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی شہ رگ کاٹ دی، یہ ایس آر او وہ آلہ ہوگا جسے حساس ادارہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ

سنی اتحاد کی کوئی جنرل سیٹ نہیں تو آپ کے دلائل کے مطابق مخصوص نشت کیسے مل سکتی ہیں؟، عدالت کا عظمیٰ کا استفسار

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے فل کورٹ بینچ نے معاملے کی سماعت کی، سماعت کو براہ راست سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر نشر کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں سے متعلق کیس پر فیصلہ محفوظ کر لیا جبکہ عدالت عظمیٰ نے وکیل سے استفسار کیا ہے کہ سنی اتحاد کی کوئی جنرل سیٹ نہیں تو آپ کے دلائل کے مطابق مخصوص نشت کیسے مل سکتی ہیں؟۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے فل کورٹ بینچ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9



وزیراعظم شہباز شریف اسلام آباد میں توانائی کے حوالے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد، اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

بارش کے باوجود علاقوں میں صورتحال کنٹرول میں رہی، مرتضیٰ وہاب

بلدیہ عظمیٰ کراچی دیگر شہری اداروں کے اشتراک سے کام جاری رکھے گی



کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ منگل کے روز شہر میں ہونے والی بارش کے باوجود علاقوں میں صورتحال کنٹرول میں رہی اور برساتی نالوں کے ذریعے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

پاکستان میں خود کو مصنوعی طریقے سے منوایا جا رہا ہے، بابر اعوان

9 مئی کے مقدمات پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، بانی پی ٹی آئی کا ٹرائل اوپن کیا جائے، گفتگو



لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ ملک میں نئے انتخابات کی ضرورت ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بابر اعوان نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

سنی اتحاد کونسل کو سیٹیں کیوں دی جائیں، بیرسٹر عقیل ملک

ان کے سربراہ نے خود پارٹی سے الیکشن نہیں لڑا



اسلام آباد (این این آئی) مشیر برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ سنی اتحاد کونسل کو سیٹیں کیوں دی جائیں، سربراہ سنی اتحاد کونسل نے خود اپنی پارٹی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

حکومت شاہی اخراجات میں کچھ کمی کرے، مفتاح اسماعیل

بجلی کے غریب صارف کو مراعات اور دیگر صارفین پر بوجھ ڈالنے کا حکومتی فیصلہ ناقابل فہم ہے



اسلام آباد (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے رہنما مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ اپنے شاہی اخراجات میں کچھ کمی کرے۔ ایک بیان میں مفتاح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

شمالی وزیرستان میں آپریشن فائرنگ کا تبادلہ، کیپٹن شہید 2 دہشتگرد جہنم واصل

دہشت گردوں کے خلاف جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے کیپٹن محمد اسامہ بن ارشد جام شہادت نوش کر گئے، کیپٹن محمد اسامہ بن ارشد کا تعلق راولپنڈی سے ہے

علاقے سے دہشت گرد عناصر کے خاتمے کے لیے فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، مسلح افواج ملک سے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

پاکستانی سیکورٹی اداروں پر چین کو مکمل اعتماد ہے، احسن اقبال

چائنیز کا تحفظ تمام وفاق اور صوبائی حکومتیں متعلقہ اداروں کے تعاون سے کر رہی ہیں

چین کے ساتھ توانائی کے قرضوں کی ادائیگی میں کسی قسم کا دباؤ نہیں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی گفتگو



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستانی سیکورٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30



اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نیشنل کوآرڈینیشن کمیٹی کے 11 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عدت کا کوئی کیس نہیں ہے، اس کا مقصد بھائی کو اندر رکھنا ہے، علیمہ خان

ضمانت کے لیے آ رہے ہیں، تفتیشی افیسر پیش نہیں ہوتا، ہمیں انصاف نہیں مل رہا، گفتگو

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کا کہنا ہے کہ عدت کا کوئی کیس نہیں ہے، اس کا مقصد بھائی کو اندر رکھنا ہے۔ یہ بات انہوں نے لاہور کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت میں پیشی کے موقع پر کہی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنیں عظمیٰ خان اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

تنخواہ نہ دینے پر سافٹ ویئر انجینئر نے کمپنی کے سی ای او کو قتل کر دیا

ملزم واردات کے بعد آلہ قتل سمیت دفتر میں ہی موجود رہا جسے بعد ازاں پولیس نے گرفتار کر لیا

کراچی (این این آئی) شارع فیصل پر واقع ایک دفتر میں سافٹ ویئر انجینئر نے کمپنی کے سی ای او کو قتل کر دیا، واقعہ تنخواہ کی عدم ادائیگی کا شاخسانہ نکلا۔ تنخواہ کی عدم ادائیگی پر مشتعل سافٹ ویئر انجینئر نے کمپنی کے سی ای او کو موت کے گھاٹ اتار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

محرم الحرام، کم سے کم علاقوں میں موبائل فون جام کریں گے، ہوم سیکرٹری پنجاب

پورے لاہور کی موبائل فون سروس جام کرنے کی فی الحال کوئی تجویز نہیں، نورالامین مینگل

لاہور (این این آئی) ہوم سیکرٹری پنجاب نورالامین مینگل نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کم سے کم علاقوں میں موبائل فون جام کریں گے، پورے لاہور کی موبائل فون سروس جام کرنے کی فی الحال کوئی تجویز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

لاہور، صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر کو سیکرٹری لیبر نعیم غوث مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے جاری منصوبوں بارے بریفنگ دے رہے ہیں

وفاقی حکومت نے 9 اور 10 محرم کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 9 اور 10 محرم کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 16 اور 17 جولائی کو ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی۔

عوام پاکستان پارٹی کے نام پر اعتراض الیکشن کمیشن میں داخل

اسلام آباد (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے نام پر اعتراض الیکشن کمیشن میں داخل کر دیا گیا۔ چیئرمین ہم عوام پاکستان پارٹی محمد امجد چوہدری نے الیکشن کمیشن سے رابطہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی کا نام ہماری جماعت سے ملتا جلتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان کو بطور جماعت درج نہ کیا جائے، الیکشن ایکٹ کے مطابق ہر سیاسی جماعت کا الگ نام ہونا چاہیے۔ محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

ہم اپنی منزل بھٹک گئے، دنیا آگے نکل گئی، احسن اقبال

ملک کی معیشت مضبوط ہوگی تو اس سے عوام کو فائدہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہم اپنی منزل بھٹک گئے اور دنیا ہم سے آگے نکل گئی، ملک کی معیشت مضبوط ہوگی تو اس سے عوام کو فائدہ ہوگا، پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرنے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

آنے والی نسلوں کو خوشحال پاکستان دینے کے لئے تمام مسائل کے حل کے لئے ہم سب کو کھل کر بات کرنی ہوگی، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آنے والی نسلوں کو خوشحال پاکستان دینے کے لئے تمام مسائل کے حل کے لئے ہم سب کو کھل کر بات کرنی ہوگی۔ ”فن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

مادر ملت کا کردار خواتین کیلئے عزم واستقامت، حوصلے اور رہنمائی کا ذریعہ ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ملک وملت کیلئے محترمہ فاطمہ جناح کی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فاطمہ جناح نے قائداعظم محمد علی جناح کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

رواں سال سی ایم سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا کے اخراجات میں دوگنا اضافہ متوقع

گورنر سیکرٹریٹ کے اخراجات میں ایک سال میں 9 کروڑ 19 لاکھ 16 ہزار کا اضافہ ہوگا، مزمل اسلم

پشاور (این این آئی) رواں سال سی ایم سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا کے اخراجات میں دوگنا اضافہ متوقع ہے۔ دستاویز کے مطابق گزشتہ سال سی ایم سیکرٹریٹ کے اخراجات 70 کروڑ 85 لاکھ روپے تھے۔ رواں سال سی ایم سیکرٹریٹ کا بجٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محکمہ بہبودِ آبادی پنجاب بھر میں عالمی یومِ آبادی کے موقع پر مختلف تقاریب کا شیڈول

صوبہ بھر میں منعقدہ تقریبات میں چھوٹے خاندان کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) محکمہ بہبودِ آبادی پنجاب نے صوبہ بھر میں عالمی یومِ آبادی کے سلسلے میں مختلف تقاریب کا انعقاد کیا ہے تاکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خواتین و مرد کی شمولیت کو فروغ دے کر عوام میں آگاہی پیدا کی جائے۔ اس ضمن پاپولیشن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پنجاب اسمبلی میں پارلیمنٹری ڈیولپمنٹ یونٹ کے زیر اہتمام انٹرن شپ پروگرام کا افتتاحی سیشن

یہ پروگرام نوجوان نسل کو قانون سازی کے عمل کے قریب لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ یہ پروگرام طلباء کے لئے عملی تجربہ فراہم کرے گا

پروگرام کے تحت نوجوانوں کو پارلیمانی نظام دیکھنے اور سیکھنے کا موقع ملے گا، سپیکر ملک محمد احمد خان کا خطاب



لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا پارلیمنٹری ڈیولپمنٹ یونٹ کے زیر اہتمام انٹرن شپ پروگرام کے افتتاحی سیشن کے موقع پر انٹرنیز کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی سربراہی میں پارلیمنٹری ڈیولپمنٹ یونٹ کے زیر اہتمام پنجاب اسمبلی میں انٹرن شپ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

ہائی کورٹ نے فواد چوہدری کو 2 ہفتے کیلئے بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی

پاکستان کا سیاسی نظام اس وقت فارم 47 پر کھڑا ہے، سابق وزیر فواد چوہدری کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کو 2 ہفتے کے لیے بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں فواد چوہدری پر سفری پابندی کی فہرست سے نام نکلوانے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

لکی مروت میں گاڑی پر فائرنگ، پولیس اہلکار 3 بھانجوں سمیت جاں بحق

وزیراعلیٰ کی پولیس کو فائرنگ میں ملوث عناصر کی گرفتاری کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایت

مروت/پشاور (این این آئی) لکی مروت میں کرم ٹول پلازہ کے قریب پولیس اہلکار کی گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں 4 افراد جاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

پولی کلینک ہسپتال کی اپ گریڈیشن کیلئے چار ارب روپے کا پی سی ون منظور

حکومت عوام کو معیاری اور جدید سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، ڈاکٹر مختار احمد

اسلام آباد (این این آئی) پولی کلینک ہسپتال کی اپ گریڈیشن کیلئے چار ارب روپے کا پی سی ون منظور کر لیا گیا۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

بلاول بھٹو کے 300 یونٹس فری بجلی، کسان اور مزدور کارڈ کہاں گئے، مزمل اسلم

بلاول بھٹو کے غیر سنجیدہ بیانات کی وجہ سے پیپلز پارٹی اندرون سندھ تک محدود ہو گئی، مشیر کے پی کے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ مزمل اسلم نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کے 300 یونٹس فری بجلی، کسان اور مزدور کارڈ کہاں گئے۔ بلاول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

مسلم لیگ ن کی سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں کے کیس میں تحریری معروضات جمع

سنی اتحاد کونسل نے انتخابات میں حصہ نہیں لیا، اس نے کوئی سیٹ نہیں جیتی

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن نے سپریم کورٹ میں سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے کیس میں تحریری معروضات جمع کرا دیں۔ معروضات میں کہا گیا ہے کہ ن لیگ اور دیگر سیاسی جماعتوں نے الیکشن کمیشن کو کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

جائز طریقے سے آزادی اظہار کی حمایت کرتے ہیں، امریکا

دہشتگردی کے باعث پاکستان کو بہت نقصان پہنچنے کا اعتراف، سلامتی خطرات سے نمٹنے کیلئے ہمارے مشترکہ مفادات ہیں

حکومتوں کو چاہیے کہ وہ ان مظاہروں سے قانونی طریقے سے نمٹیں اور انہیں اظہار رائے کی آزادی کا حق دیں، میتھیو ملر



واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے واضح کیا کہ جائز طریقے سے آزادی اظہار کی حمایت کرتے ہیں، احتجاج پرامن طریقے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

نااہلی کیس، بلوچستان حکومت کو قاسم سوری کی تمام جائیداد کی تفصیلات جمع کروانے کا حکم

میرا کوئی رابطہ ہی نہیں ہے، پیغام کیسے بھیجوں؟ وکیل نعیم بخاری نے معذوری ظاہر کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری کی نااہلی کیس میں بلوچستان حکومت کو قاسم سوری کی تمام جائیداد کی تفصیلات جمع کروانے کا حکم دیدیا اور کہا ہے کہ وفاقی حکومت اور ایف آئی بتائے کہ قاسم سوری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

پنجاب پولیس کا جرائم کے خاتمے اور خطرناک مجرمان کی سرکوبی کا مشن جاری

رواں سال کی پہلی ششماہی میں پولیس ٹیموں کے جاری کریک ڈاؤن کی رپورٹ جاری کردی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں پنجاب پولیس سنگین جرائم کے خاتمے اور خطرناک مجرمان کی سرکوبی کا مشن جاری رکھے ہوئے ہیں، رواں سال کی پہلی ششماہی میں پولیس ٹیموں کے جاری کریک ڈاؤن کی رپورٹ جاری کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سال رواں میں جنوری سے جون تک لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں جرائم کی سنگین وارداتوں میں ملوث 3176 گینگز کا خاتمہ کیا گیا اور 7934 مجرمان گرفتار کئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ لاہور سمیت صوبہ بھر میں پولیس کارروائیوں میں مجرمان کے قبضہ سے 05 ارب 33 کروڑ روپے کا مسروقہ مال برآمد کیا جبکہ مختلف وارداتوں میں مطلوب مجرمان سے 03 ارب 42 کروڑ روپے کیش بھی برآمد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ مجرمان کے قبضے سے 947 کاریں، 13835 موٹر سائیکلیں، 1292 تولے سونا بھی برآمد کیا گیا جبکہ 5593 موبائل فونز اور 3233 مال مویشی برآمد کرکے مالکان کے حوالے کئے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے جرائم کی سرکوبی میں بہترین کارکردگی پر پولیس ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے منشیات اور منظم جرائم کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے کریک ڈاؤن کو مزید تیز کرنے کا حکم دیا ہے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ کرائم بلاسٹ سپاٹ ایریاز کی نشاندہی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے ناقابل آپہنچنے مجرمان کا صفایا کیا جائے۔


ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید جعلی تیار دودھ تلف کروا رہے ہیں اور دودھ تیار کرنے والے یونٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

دودھ کے نام پر سفید جعلی محلول فروخت کرنے والا عادی مجرم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں ڈیری سیفٹی ٹیموں کی ہیرگاؤں بندیاں روڈ پر بڑی کارروائی، روزانہ ہزار لیٹر جعلی دودھ تیار کرنے والا رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

سلیم نامی شخص رینٹ کی دوکان میں آئل گھی پاؤڈر سے جعلی دودھ تیار کر رہا تھا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (خبرنگار) دودھ کے نام پر سفید جعلی محلول فروخت کرنے والا عادی مجرم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں ڈیری سیفٹی ٹیموں کی ہیرگاؤں بندیاں روڈ پر بڑی کارروائی کے دوران روزانہ ہزار لیٹر جعلی دودھ تیار کرنے والا رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سلیم نامی شخص رینٹ کی دوکان میں آئل گھی پاؤڈر سے جعلی دودھ تیار کر رہا تھا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے گاہک بن کر موقع پر چھاپہ مارا تو ملزم کو جعلی دودھ تیار کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ جعلی دودھ پاؤڈر، ڈیٹیکشن آئل اور مضر صحت مواد برآمد کر لیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے مزید کارروائی کرتے ہوئے 1200 لیٹر دودھ تلف کر دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے ملزم کو 51 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق ملزم کے قبضہ سے 1200 لیٹر دودھ برآمد کیا گیا جبکہ 42 ہزار لیٹر ساہیوال میں 70 ہزار لیٹر راولپنڈی میں 2 لاکھ 51 ہزار لیٹر گوجرانوالہ میں 85 ہزار لیٹر سرگودھا ڈویژن میں 2 لاکھ 5 ہزار لیٹر بہاولپور ڈویژن میں 28 ہزار لیٹر جبکہ 10 لاکھ 53 ہزار لیٹر سے زائد دودھ کی چیکنگ کی گئی 380 لیٹر دودھ تلف کیا گیا۔ 17 ہزار لیٹر ساہیوال میں 13 لاکھ 17 ہزار لیٹر، راولپنڈی میں 2 لاکھ 51 ہزار لیٹر، گوجرانوالہ میں 85 ہزار لیٹر سرگودھا ڈویژن میں 2 لاکھ 5 ہزار لیٹر، بہاولپور ڈویژن میں 28 ہزار لیٹر، ملتان میں 22 ہزار لیٹر اور ڈی جی خان ڈویژن میں بھی 22 ہزار لیٹر دودھ پکڑا گیا۔ عاصم جاوید ڈی جی فوڈ نے بتایا جعلی دودھ میں استعمال ہونے والے اجزا انسانی صحت کے لیے انتہائی مضر ہیں۔ ملاوٹ اور جعلسازی کرنے والوں کے خلاف ذرہ برابر بھی رعایت پالیسی کا کوئی نقطہ نہیں اپنایا جائے گا جبکہ شہری گھروں میں استعمال ہونے والے دودھ کا پاؤڈر اقتدی دفتر سے مفت ٹیسٹ کروا کے استعمال کریں۔

سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر/ لائسنسنگ سینٹر متناواں کا وزٹ

سائٹ ٹیسٹ جائزہ لینے کے ساتھ لائسنس سرمدمز کیلئے آنے والے شہریوں سے استفسار کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی ایس پی لائسنسنگ بشریٰ صوفی، انسپکٹر ٹریفک اسٹیشن ہیڈ کوارٹر ہمراہ موجود تھے جی ٹی او لاہور نے ڈرائیونگ ٹیسٹنگ سینٹر میں انتظامات کا جائزہ لیا، اور کمرشل لائسنس کے روڈ ٹیسٹ، سائن ٹیسٹ جائزہ لینے کے ساتھ لائسنس سرمدز کے لئے آنے والے شہریوں سے استفسار کیا، شہری انتظامات پر شہریوں کا سی ٹی او لاہور سے اظہار تشکر کیا سی ٹی او نے مزید کہا شہری اپنے کمرشل لائسنس 01 سال تا 05 سال تک کے لئے لائسنس بنوا سکتے ہیں اس کے لئے موٹر وہیکل ٹیکس کلیئر ہونا ضروری ہے، شہری گھر بیٹھے آن لائن ٹرانسپرمٹ اور لرنر پرمٹ کی تجدید کروا سکتے ہیں، شہریوں کو لائسنس سرمدز کے حصول میں کوئی دشواری نہیں آنی چاہیے، ہمارا مقصد محفوظ سڑک و شہری ماحول کو یقینی بنانا اور قوانین کی پابندی کا احساس قائم کرنا ہے۔

پی ٹی بی ٹی گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز کا آفس آٹومیشن سسٹم اپنی افادیت کے باعث سرکاری محکموں کی ضرورت بن گیا

جی ڈی ایس ونگ، پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے دفتری امور کی استعداد کار بہتر بنانے کے لئے ای فائلنگ آفس آٹومیشن سسٹم نافذ کرے گا



لاہور (خبرنگار) پی آئی بی گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز کا آفس آٹومیشن سسٹم اپنی افادیت کے باعث سرکاری محکموں کی ضرورت بن گیا، جی ڈی ایس ونگ، پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے دفتری امور کی استعداد کار بہتر بنانے کے لئے ای فائلنگ آفس آٹومیشن سسٹم نافذ کرے گا، دونوں محکموں کے مابین معاہدہ پائے گا۔ چیمبر میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ فیصل یوسف کی ہدایت اور ڈی جی جی ڈی ایس ونگ، پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے مابین معاہدہ پائے گا۔ معاہدے کے تحت اب سے پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے تمام تر دفتری امور گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ کے زیر نگرانی ای فائل کا سرکاری محکموں میں نفاذ کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ اور پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے مابین معاہدہ پائے گا۔ ڈی جی گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ محمد یحییٰ اور ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت اب سے پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے تمام تر دفتری امور گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ کے زیر نگرانی ای فائل کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ اور پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے مابین معاہدہ پائے گا۔ ڈی جی گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ محمد یحییٰ اور ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت اب سے پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے تمام تر دفتری امور گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ کے زیر نگرانی ای فائل کا سرکاری محکموں میں نفاذ کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ اور پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے مابین معاہدہ پائے گا۔ ڈی جی گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ محمد یحییٰ اور ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت اب سے پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے تمام تر دفتری امور گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ کے زیر نگرانی ای فائل کا سرکاری محکموں میں نفاذ کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ اور پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے مابین معاہدہ پائے گا۔ ڈی جی گورنمنٹ ڈیجیٹل سرمدمز ونگ محمد یحییٰ اور ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت اب سے پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے تمام تر دفتری

ریلویز پولیس کی ہفتہ وار فلاحی کارکردگی کی تفصیل جاری، 24 گمشدہ اور گھر سے بھاگے بچے ورثاء کے حوالے، راولپنڈی ڈویژن سرفہرست رہی

لاہور (کرائم رپورٹر) ریلوے پولیس کی آٹھوں ڈویژن ہائے ہفتہ وار فلاحی کے پہلے ہفتے کم بحالی سے 07 جولائی تک مسافروں کی خدمت اور دیگر سہولیات مہیا کرتے ہوئے 24 گھر سے بھاگے گمشدہ بچوں میں بچے، بچیاں اور لڑکیاں شامل ہیں کو سماجی سے حوالے کر دیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ 59 مسافروں کو انکا قیمتی سامان جبکی مالیت تقریباً 05 لاکھ روپے بنتی ہے کے حوالے کیا گیا۔ اس ہفتہ وار فلاحی کارکردگی کے حساب سے بہترین ڈویژن قرار دیا گیا جس نے گھر سے بھاگے لاپتا 8 بچوں اور لڑکیوں کو ورثاء کے حوالے کیا گیا۔ 20 ہزار روپے چھنے کے کو سخاوت اور ایثار کی راہ کے ساتھ ملا کے حوالے کیا گیا۔ اس طرح 301 مسافروں جن میں ضعیف اور کئی بیمار اور کینسر کے مریض شامل ہیں کو وہیل چیئرز اور فری ایڈ کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ وار کارروائی میں راولپنڈی ڈویژن کی فلاحی کارکردگی کے حساب سے بہترین ڈویژن قرار دیا گیا جس نے گھر سے بھاگے لاپتا 8 بچوں اور لڑکیوں کو ورثاء کے حوالے کیا۔ راولپنڈی ڈویژن نے 07 مسافروں کو انکا قیمتی سامان جس کی مالیت تقریباً 38 ہزار روپے بنتی ہے واپس کیا اسکے علاوہ 86 مسافروں کو وہیل چیئرز اور فرسٹ ایڈ کی سہولیات فراہم کی گئی۔ اس حاتمہ میں لاہور ڈویژن نے 5، ملتان 4 اور کراچی ڈویژن نے 07 بچوں کو اغوا کے مقدمات کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 2 موٹر سائیکل برآمد کیے گئے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔

ایل ڈی اے کا غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن جاری

شہر میں غیر قانونی تعمیرات کرکمرشلائزیشن فیس نادہندگان کے خلاف بلاامتیاز آپریشن جاری ہے، ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (خبرنگار) ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز ایل ڈی اے ایونیو ون اور جوہلی ٹاؤن میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کی۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے غیر قانونی تعمیرات پر 5 املاک کو سربمہر جبکہ 8 املاک کو سمارک کر دیا۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلاننگ انجینئر طیبہ علی گرمانی میں کیا گیا۔ ٹیموں نے پلاٹ نمبر 294 اور 289 ایونیو ون اور پلاٹ نمبر 352 ایونیو ون پر قائم 04 املاک کو سربمہر کر دیا۔ پلاٹ نمبر 352 ایونیو ون اور پلاٹ نمبر 44، 48 بلاک ایل ڈی اے ایونیو ون پر پلاٹ نمبر 543 اے اور پلاٹ نمبر 552 اے جوہلی ٹاؤن پر قائم املاک کو سربمہر کر دیا۔ پلاٹ نمبر 326 جوہلی ٹاؤن پر قائم غیر قانونی تعمیرات کو سمارک دیا۔ پلاٹ نمبر 325 جوہلی ٹاؤن پر قائم املاک کے بورڈ سمار کر کے املاک سربمہر کر دیا۔ ترجمان کے مطابق ایل ڈی اے ٹیموں نے غیر قانونی تعمیرات پر املاک کو سربمہر کرنے کا آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے۔ کمرشل نادہندگان کے خلاف جاری آپریشن میں ایل ڈی اے ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن میں آپریشن کے 16 املاک کو سربمہر کر دیا۔ پلاٹ نمبر 77 اور 312 گلشن بلاک علامہ اقبال ٹاؤن میں 04 قائم املاک کو سربمہر کر دیا۔ چنار بلاک میں پلاٹ نمبر 6، 44 اور 141 نیلم بلاک میں پلاٹ نمبر 543 اے اور پلاٹ نمبر 552 اے جوہلی ٹاؤن پر قائم املاک کو سربمہر کر دیا۔ نیو بلاک میں پلاٹ نمبر 270، نظام بلاک میں پلاٹ نمبر 843 کریم بلاک میں پلاٹ نمبر 72، عمر بلاک میں پلاٹ نمبر 136 عثمان بلاک میں پلاٹ نمبر 697 کو بھی سربمہر کر دیا۔ ترس بلاک میں پلاٹ نمبر 229، راوی بلاک میں پلاٹ نمبر 882، 992 اور 210 سیل کر دیا۔ ان املاک میں قائم سکول، سیلون، دفاتر، میڈیکل سٹور، کریانہ سٹور و دیگر شامل ہیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے شادمان میں کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف آپریشن کرکے 4 املاک کو سربمہر کر دیا۔

ٹریفک پولیس لین لائن، زیبرا کراسنگ، سٹاپ لائن کی خلاف ورزی پر ای چالانوں کا سلسلہ جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس نے لین لائن، زیبرا کراسنگ، سٹاپ لائن کی خلاف ورزی پر ای چالانوں کا سلسلہ جاری، تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس کی جانب سے لین لائن ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ای چالان شہریوں کے گھروں میں بھجوائے جا رہے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں لین لائن، سٹاپ لائن، زیبرا کراسنگ سرفہرست ہیں گذشتہ روز سیف سٹی کیمروں میں 48 ہزار خلاف ورزیاں نوٹ کی گئیں، 06 ہزار 209 شہریوں نے چالان بوجھ کر ٹریفک کنٹمز کی خلاف ورزی کی، 05 ہزار گاڑیوں نے اوورٹیکنگ جبکہ 02 ہزار شہریوں نے دو ٹے ٹریفک کی خلاف ورزی کی گئی ہیں اور 41 ہزار سے زائد شہریوں نے لین لائن، سٹاپ لائن و ڈسپلن کی خلاف ورزی کی، رواں سال 10 لاکھ 41 ہزار چالانز کو لین لائن و ڈسپلن کی خلاف ورزی پر چالان نفس دیئے گئے، لین لائن ڈسپلن اور زیبرا کراسنگ کی خلاف ورزی پر جرمانوں کو بڑھایا جائے گا، ای چالانز کی ادائیگی نہ کرنے والے شہریوں کو ٹریفک پولیس کی جانب سے لین لائن ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ای چالان شہریوں کے گھروں میں بھجوائے جا رہے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں لین لائن، سٹاپ لائن، زیبرا کراسنگ سرفہرست ہیں گذشتہ روز سیف سٹی کیمروں میں 48 ہزار خلاف ورزیاں نوٹ کی گئیں، 06 ہزار 209 شہریوں نے چالان بوجھ کر ٹریفک کنٹمز کی خلاف ورزی کی، 05 ہزار گاڑیوں نے اوورٹیکنگ جبکہ 02 ہزار شہریوں نے دو ٹے ٹریفک کی خلاف

لیسکو کی جانب سے نادہندگان کے خلاف مہم جاری

261 ویں روز 4.3 ملین روپے سے زائد کی وصولی کرلی گئی

لاہور (خبرنگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کی ہدایت پر ڈائریکٹر کمرشل سمیر عزیز اور ڈائریکٹر آپریشنز انجینئر طاہر محمود کی زیر نگرانی 15 نادہندگان سے 34.0 ملین کی ریکوری کی گئی۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر سینٹرل سرکل کی زیر نگرانی 18 نادہندگان سے 97.0 ملین اور سپرنٹنڈنگ انجینئر ساتھیہ سرکل کی زیر نگرانی 14 نادہندگان سے 01.1 ملین کی ریکوری کی گئی۔ 261 روز سے جاری مہم کے دوران 106818 ڈیفالٹرز سے 27.0 ملین، سپرنٹنڈنگ انجینئر شیخوپورہ سرکل نعیم الحسن کی زیر نگرانی 14 نادہندگان سے 47.0 ملین کی ریکوری کی گئی۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر اکاؤنٹ سرکل کی زیر نگرانی 16 نادہندگان سے 47.0 ملین کی ریکوری کی گئی۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر سینٹرل سرکل کی زیر نگرانی 11 نادہندگان سے 40.0 ملین، سپرنٹنڈنگ انجینئر ساتھیہ سرکل کی زیر نگرانی 19 نادہندگان سے 34.4 ملین روپے سے زائد کی وصولی کرلی گئی۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر نارتھ سرکل نثار مرزا کی زیر نگرانی 11 نادہندگان سے 41.0 ملین، سپرنٹنڈنگ انجینئر


تاریخی بادشاہی مسجد کا ایک خوبصورت منظر

پولیس ہیڈ کوارٹر قلعہ گجرسنگھ میں فائرنگ پریکٹس کا انعقاد

ریلوے پولیس کی خواتین اہلکاروں کو فائرنگ پریکٹس کروائی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس ہیڈ کوارٹر قلعہ گجر سنگھ میں فائرنگ پریکٹس کا انعقاد کیا گیا۔ ایس پی ہیڈ کوارٹر خواتین اہلکاروں کو فائرنگ پریکٹس کروائی گئی۔ فائرنگ پریکٹس تجربہ کار سٹاف کی زیر نگرانی کروائی جاتی ہے۔ تمام ڈویژن سے مختلف تھانہ جات سے پولیس

سبزہ زار پولیس کا روائی کرکے مفرور دو اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی اقبال ٹاؤن محمد سلمان لیاقت کی ہدایت پر سبزہ زار پولیس کی کارروائی کرکے مفرور اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا۔ ایس ایچ او سبزہ زار مرزا ذوالفقار عباس نے کہا کہ خصوصی پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مفرور اشتہاری گرفتار کرلیا خصوصی پولیس ٹیم نے مفرور ملزم محمد ارشد رانا المعروف ملک گوگا گرفتار کرلیا۔ ایس ایچ او محمد سلمان لیاقت نے کہا کہ مفرور ملزم کے خلاف فراڈ، دھوکہ دہی کا مقدمہ درج تھا۔ مفرور ملزم ملک عالم شاہی چھوٹی پولیس کو مطلوب تھا۔

محرم الحرام میں سیکورٹی ہائی الرٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) محرم الحرام کے حوالے سے صوبائی دارالحکومت میں سیکورٹی ہائی الرٹ رہی۔ ایس پی ڈویژن شاہ میر خالد نے کہا کہ 48 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 16 ملزمان گرفتار کیے گئے ڈنڈوں، بلی آرے نے اسلحی کی نمائش ہوائی۔



صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خان کے ہمراہ اکشنرا لاہور و چیئرمین بورڈ زیدین منصور میٹرک کے امتحانات میں شاندار نتائج کی حامل طالبہ کو سند پیش کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب وزیر تعلیم کی آمد پر بچے انہیں گلدستہ پیش کر رہے ہیں علاوہ ازیں وزیر تعلیم اور کنٹمزا لاہور و چیئرمین بورڈ انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور نے مختلف سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ اس سلسلہ میں ایوان قائداعظم میں پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اعزاز میں باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خان نے تقریب کی صدارت کی، کنٹمز لاہور و چیئرمین بورڈ زیدین منصور سیکرٹری انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور فرخ فرید سبحانان خصوصی تھے ایوان قائداعظم میں منعقدہ ہونے والی تقریب میں تمام پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات، انکے والدین اور تمام پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کے اساتذہ کرام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات خان نے پورے لاہور بورڈ کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ اور اول پوری لاہور ڈویژن اور ساتھی گروپ میں محمد ایان کاشف نے 1190 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی ہے جبکہ دوسری پوزیشن دو لڑکیوں نے حاصل کی جس میں میر حیدر 1186 نمبر لیکر دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ تیسری پوزیشن 1184 نمبر لیکر حاصل کی۔ اس طرح آرٹس گروپ میں لڑکوں میں سے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح سائنس گروپ میں دوسری پوزیشن دو لڑکیوں نے حاصل کی جس میں میر حیدر 1186 نمبر لیکر دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ تیسری پوزیشن 1184 نمبر لیکر حاصل کی۔ اسی طرح سائنس گروپ میں دوسری پوزیشن دو لڑکیوں نے حاصل کی جس میں میر حیدر 1186 نمبر لیکر دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ تیسری پوزیشن 1184 نمبر لیکر حاصل کی۔ اسی طرح آرٹس گروپ میں لڑکوں میں سے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ تیسری پوزیشن

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور(3)10 جولائی 2024ء

ڈی سی چنیوٹ
جلوسوں کے روٹس و مجالس کے مقامات کو ہمہ وقت کلیئر رکھا جائے

ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور امام بارگاہوں و محرم الحرام جلوسوں کے روٹس کا پیدل چل کر معائنہ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور امام بارگاہوں و محرم الحرام جلوسوں کے روٹس کا پیدل چل کر معائنہ کیا، منتظمین، لائسنسداران جلوس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل و ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن، پولیس افسران، سی او ایم سی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے ہیڈز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر، ڈی پی او نے محلہ معظم شاہ، شوری پہلی، امام بارگاہ مہاجرین، ریلبازار، چوک جتو تھان، مدرسہ البنات، رحیم گلی، تھانہ سٹی روڈ، محلہ ٹھٹھی شرقی، غربی امام بارگاہ و دیگر روٹس پر صفائی، لائٹس و محکموں کی جانب سے کے انتظامات چیک کئے اور کہا کہ جلوسوں کے روٹس و مجالس کے مقامات کو ہمہ وقت کلیئر رکھیں۔ انہوں نے صفائی ستھرائی کے انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی۔ افسران نے نقشوں کی مدد سے انتظامی امور کو چیک کیا اور یوم عاشور تک تمام عملہ کو متحرک رکھنے کی ہدایت کی۔ افسران نے جلوسوں کے روٹس اور مجالس کے مقامات پر پولیس سیکورٹی پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو چوکس انداز میں فرائض انجام دینے کی تاکید کی۔



چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد آصف ڈی پی او عبداللہ احمد سٹی میں محرم الحرام جلوسوں کے روٹس کا معائنہ کررہے ہیں

جہلم بجٹ کے بعد مہنگائی کا سونامی ضلع بھر میں سر اٹھانے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بجٹ کے بعد مہنگائی کا سونامی ضلع بھر میں سر اٹھانے لگا، پیک دودھ کے بعد مرغی کی قیمت میں بھی اضافہ کر دیا گیا۔ مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت میں یکمشت 90 روپے بڑھا دی گئی، اضافے کے بعد مرغی کے گوشت کا سرکاری نرخ 500 روپے مقرر جبکہ دکاندار 530 روپے ساڑھے 7 سو گرام فروخت کرنے لگے۔ شہریوں کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ جون میں بجٹ منظور ہونے کے بعد یکدم اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں دکانداروں نے اضافہ کر کے فروخت شروع کر دی ہے، دکانداروں کا کہنا ہے کہ حکومت نے اشیاء خورد ونوش پر ٹیکسز کا غیر معمولی اضافہ کر دیا ہے جس کی وجہ سے مجبوراً قیمتوں میں اضافہ کرنا پڑا ہے۔

جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی کا اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی کا اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ۔ تحصیل دفتر اور اراضی ریکارڈ سنٹر آنے والے شہریوں کے مسائل فوری حل ہوں گے یہ بات ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے اراضی ریکارڈ سنٹر اور تحصیل دفتر جہلم کا دورہ کرتے ہوئے کہی انہوں نے اراضی ریکارڈ سنٹر کے عملہ سے ملاقات کی اور شہریوں کو فراہم کردہ سہولیات بارے آگاہی حاصل کی، انھوں نے تحصیل دفتر میں جاری تزئین و آرائش کے کام کا جائزہ لیا اور اس کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔

جہلم شہر کے گلی محلوں میں بھی قبضہ مافیا کا راج گھروں کے باہر شیڈ اور تھڑوں نے گلی محلوں کے راستوں کو تنگ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے گلی محلوں میں بھی قبضہ مافیا کا راج گھروں کے باہر شیڈ اور تھڑوں نے گلی محلوں کے راستوں کو تنگ کر دیا، نئی تعمیرات میں میونسپل کمیٹی سے منظور شدہ نقشوں کی کھلے عام خلاف ورزیاں جاری، شہریوں کا ڈپٹی کمشنر، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے گلی محلوں میں اکثر لوگوں نے اپنے گھروں دکانوں اور مارکیٹوں کے سامنے تین سے پانچ فٹ تک قبضے جما رکھے ہیں۔ جس سے گلی محلوں میں راگیروں کے لیے مسائل پیدا کر دیے گئے ہیں، گلی محلوں میں گھروں کے باہر ناجائز تھڑے اور بڑے ہوئے شیڈز نے شہر کے گلی محلوں کا حسن تباہ کر دیا ہے، شہر میں مختلف تعمیرات میں منظور شدہ نقشہ جات کی کھلے عام خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں، لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں، لمحہ فکریہ یہ ہے، کہ تجاوزات اس حد تک بڑھ گئیں ہیں کہ راہگیروں کو گزرنے میں بھی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ایسے لوگ راستے تنگ کر کے بھی انتہائی مطمئن دکھائی دیتے ہیں، حالانکہ اسلامی تعلیمات میں راستے کھلے رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

جہلم تعمیراتی میٹریل مہنگا ہونے سے دیہاڑی دار، مزدور طبقہ کسمپرسی کی زندگیاں گزارنے پر مجبور

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سریا، سیمنٹ اینٹیں و دیگر تعمیراتی میٹریل مہنگا ہونے سے دیہاڑی دار، مزدور طبقہ کسمپرسی کی زندگیاں گزارنے پر مجبور۔ کئی کئی دنوں بعد کام ملتا ہے وہ بھی چند روز بعد بند ہونے سے ہفتوں فارغ بیٹھنا پڑتا ہے مزدوروں کی دہائی۔ حکومت تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں کمی کرے۔ تفصیلات کے مطابق محنت کشوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ جب سے موجودہ حکومت برسر اقتدار آئی ہے۔ مہنگائی کی لہر سمیت تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں بھی کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے تعمیراتی کام بالکل ٹھپ ہو چکے ہیں۔ جس کے باعث دیہاڑی دار طبقہ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ اس حوالے سے دیہاڑی دار طبقے کا کہنا ہے کہ مہنگائی کی وجہ سے ہمارے مسائل میں بے تحاشہ اضافہ ہو چکا ہے۔ پہلے کام آسانی سے مل جاتے تھے لیکن اس جان لیوا مہنگائی میں میٹریل کی قیمتیں بالخصوص سریا سیمنٹ اینٹیں، آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں مقامی سطح پر تعمیراتی کام تقریباً ختم ہو چکے ہیں اگر کام مل بھی جائے تو چند دن بعد تعمیراتی میٹریل مہنگا ہونے پر مالکان کام بند کر دیتے ہیں، جس سے مزدور طبقہ کو مزدوری نہ ملنے کے باعث بجلی کے بلوں کھانے پینے کی اشیاء اور بچوں کی تعلیم کے اخراجات اور مہنگی ادویات کے خریدنے سے قاصر ہو چکے ہیں جس سے مزدور افراد پریشانیوں میں مبتلا ہو چکے ہیں اور اپنے گھریلو حالات بالخصوص اپنے بچوں کے بارے خاصے پریشان ہیں محنت کشوں نے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں کمی کی جائے تاکہ غریب سفید پوش دیہاڑی دار طبقہ اپنے بچوں کو دو وقت کی روٹی مہیا کر سکے۔

ڈی سی حافظ آباد
سرکاری افسران کے دفاتر عوام کیلئے کھلے ہیں

ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد نے عوام کے مسائل سنے اور انکے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد نے عوام کے مسائل سنے اور انکے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی حمد اللہ، اسسٹنٹ کمشنر منور حسین، تحصیلدار ندیم مسعود برتھ، چیف آفیسر ضلع کونسل شہزاد اختر، سی ای او ایجوکیشن محمد انور جاوید، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ظہیر احمد، سی او ایم سی انصر ساہی سمیت محکمہ ریونیو، اراضی ریکارڈ سنٹر سمیت دیگر محکموں کے افسران کھلی کچہری میں موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کو درپیش مسائل کو فوری حل کرنا ہے انکا کہنا تھا کہ اس کھلی کچہری میں تمام ضلعی محکموں کے افسران بھی موجود تھے تاکہ عوام کو جس بھی محکمہ سے متعلق کوئی شکایت یا مسئلہ ہو تو اسے فوری طور پر حل کیا جا سکے انکا کہنا تھا کہ ڈپٹی کمشنر سمیت تمام سرکاری افسران کے دفاتر عوام کے لیے کھلی ہیں اور عوام اپنے مسائل کے حل کے لیے بغیر کسی سفارش انکے پاس آ سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر کھلی کچہری میں جو افراد اپنے مسائل لے کر آئے ہیں انکے مسائل کو ترجیحی اور مستقل بنیادوں پر حل کیا جائیگا اس موقعہ پر کھلی کچہری میں آنے والے سائلین نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے مسائل پر مبنی درخواستیں پیش کیں جس پر ڈپٹی کمشنر نے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔



نارنگ منڈی: تنظیم علماو اہلسنت نارنگ کے زیر اہتمام منعقدہ شان فاروق اعظمؓ کانفرنس میں مذہبی سکالر مفتی شہباز سول سعیدی اور علامہ ممتاز قمر سیالوی خطاب کر رہے ہیں

اے سی پنڈی بھٹیاں کا مہنگے داموں کھاد اور دیگر اشیائے خوردونوش فروخت کرنے پر متعدد دوکانداروں کو جرمانہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں محمد اشفاق احمد نے مہنگے داموں کھاد اور دیگر اشیائے خوردونوش فروخت کرنے پر متعدد دوکانداروں کو 1 لاکھ 40 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اشفاق احمد نے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد میڈم سندس ارشاد کی ہدایت پر پنڈی بھٹیاں میں مہنگے داموں کھاد فروخت کرنے والے ڈیلر کو 50 ہزار روپے جبکہ مختلف مارکیٹوں اور بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے مہنگے داموں آٹا، فروٹ، روٹی، کریانہ کی اشیاء سمیت اشیاء فروخت کرنے پر متعدد دوکانداروں کو مجموعی طور پر 90 ہزار روپے جرمانہ کیا۔

تنظیم علماء اہلسنت نارنگ کے زیر اہتمام شان فاروق اعظم کانفرنس کا انعقاد

نارنگ منڈی (نامہ نگار) تنظیم علماء اہلسنت نارنگ کے زیر اہتمام جامع مسجد شرقیہ صدر بازار نارنگ میں شان فاروق اعظم کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مذہبی سکالر علامہ مفتی شہباز رسول سعیدی اور علامہ ممتاز قمر سیالوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام سے اسلام کو تقویت ملی آپ رضی اللہ عنہ کے اسلام پر بے شمار احسانات ہیں جن کا بدلہ نہیں چکایا جا سکتا آپ کے نام سے قیصر و کسری جیسے بادشاہ بھی کانپتے تھے اس کے باوجود آپ نے ساری زندگی عاجزی وانکساری اور فقیری میں گزار دی آپ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ آرام فرما رہے ہیں قیامت تک ان پر رحمتیں اور برکتیں برستی رہیں گی یہ آپ کیلئے بہت بڑی سعادت ہے صاحبزادہ ضیاء الدین احمد جیلانی نے شہدائے کربلا اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سمیت امت مسلمہ کی بخشش ومغفرت کیلئے خصوصی دعا فرمائی قاری محمد صابر نے تلاوت قرآن مجید قاری انیس چشتی اور سید قمر الدین شاہ نے سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درود وسلام پیش کیا تنظیم علماء اہلسنت سمیت شہر اور گردونواح سے علماء اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

گیپکو کی جانب سے اوور بلنگ کے بعد ریونیو آفس میں بجلی کے بلز درست کروانے والوں کی لائنیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں گیپکو کی جانب سے اوور بلنگ کے بعد ریونیو آفس میں بجلی کے بلز درست کروانے والوں کی لائنیں لگ گئیں جبکہ گیپکو کے ریونیو آفس کے کمپیوٹرز اور سسٹم کی خرابی کے باعث بلز درست کروانے والے دھکے کھانے لگے۔ جس پر صارفین گیپکو کی چیرہ دستیوں اور ناقص ترین انتظامات کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔ یہاں متاثرہ صارفین کی کثیر تعداد نے گیپکو کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ایک تو انہیں زائد یونٹ ڈال کر ہزاروں روپے کے زائد بلز بھجوا دیئے گئے ہیں جبکہ دوسری جانب گیپکو کے ریونیو آفس کے کمپیوٹرز اور سسٹم خراب چلے آنے سے انکی بلوں کی درستگی التواء کا شکار بنی ہوئی ہے اور وہ ریونیو آفس کے چکر لگا لگا کر ذلیل وخوار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے گیپکو چیف سے مطالبہ کیا کہ اوور بلنگ کا سخت نوٹس لیکر ریونیو آفس کے خراب پڑے کمپیوٹرز اور سسٹم کو درست کروایا جائے۔

نوجوان مرگی کا دورہ پڑنے کی وجہ سے کھالے میں گھرنے سے جاں بحق

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) نوجوان کو مرگی کا دورہ پڑنے کی وجہ سے کھالے میں گھرنے سے جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب وار برٹن روڈ ڈفر کھوکھراں گاؤں میں 22 سالہ شہریار مرگی کا دورہ پڑنے کی وجہ قریبی پانی والے کھالے میں گر گیا اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا اور نوجوان پر فوری سی پی آر اپلائی کیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ ریسکیو 1122 عملہ نے ضروری کارروائی کے بعد ڈیڈ باڈی لواحقین کے حوالے کر دی۔

اوکاڑہ نوعمر لڑکوں کو اغواء کرنے والے گروہ کا انکشاف

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ نوعمر لڑکوں کو اغواء کرنے والے گروہ کا انکشاف۔ ملزمان کے ساتھ خواتین بھی جرم میں شریک۔ ملزمان لڑکوں کو اغواء کرتے ان پر تشدد کرتے اور برہنہ کر کے ویڈیو بناتے اور لوگوں سے رقم ہتھیاتے مدعی مقدمہ کا انکشاف تفصیلات کے مطابق یاسر غفار ٹاؤن کے رہائشی محنت کش محمد اشرف کا بیٹا عاشر گھر کا سودا سلف لینے دوکان پر جا رہا تھا کہ راستے میں موٹر سائیکلوں پر سوار ملزمان احتشام عرف مٹھو، صمصام عرف سنی، علی عرف کالا۔ شانی وٹو۔ سمیرا بی بی۔ چندا۔ اور ارم اسے اسلحہ کے زور پر اغواء کر کے اپنے گھر لے گئے ملزمان نے اسے تشدد کا نشانہ بنایا اسے برہنہ کر کے ویڈیو بھی بنائی عاشر کے گھر واپس نہ پہنچنے پر اس کا بھائی مونم اس کی تلاش کو نکلا تو ایک گھر سے اسے اپنے بھائی کے چیخنے چلانے کی اوازیں سنائی دیں تو اس نے دروازہ کھٹکھٹایا اور اپنے بھائی کو ملزمان کے چنگل سے چھڑانے کی کوشش کی ملزمان نے اسے بھی پکڑ لیا اور تشدد کا نشانہ بنانا شروع کر دیا لڑکوں کی چیخ وپکار پر مقامی لوگ اکٹھے جنہوں نے ملزمان سے دونوں بھائیوں کو بازیاب کرایا اور پولیس کو اطلاع دی۔ اس دوران ملزمان موقع سے فرار ہو گئے پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے لڑکوں کے باپ کی درخواست پر 4 مرد 3 خواتین اور 5/6 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 1966/24 درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

فیسکو جھنگ سرکل کے صارفین کی خدمت اولین ترجیح، مدثر علی

صارفین کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے اپنے رنگ بل کی ادائیگی کو یقینی بنائیں

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ فیسکو جھنگ سرکل کے صارفین کی خدمت میری اولین ترجیح ہے اس سلسلہ میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی سرکل بھر میں اوور بلنگ نہیں کی جارہی صارفین کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے اپنے رنگ بل کی ادائیگی کو یقینی بنائیں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیسکو جھنگ سرکل کی تمام سب ڈویژن کے افسران کو اس بات کے خصوصی احکامات جاری کر رکھے ہیں کہ کسی بھی سب ڈویژن میں گھریلو، کمرشل، زرعی ٹیوب ویل یا صنعتی میٹر میں اوور بلنگ کی شکایت موصول ہوئی تو اس کا ذمہ دار متعلقہ سب ڈویژن آفیسر ہوگا اس سلسلہ میں ایک صارف بھی میرے پاس اس بابت شکایت لیکر نہیں آیا جو کہ میرے لئے قابل فخر ہے کیونکہ میرے نزدیک ایک سائل کی دادرسی قابل ترجیح ہے میری اولین ترجیح سائل کی دادرسی کے ساتھ ساتھ فیسکو کی جانب سے ملنے والی سہولیات کو صارف تک پہنچانا ہے اسی تناظر میں گذشتہ دو ماہ میں کئی ایسے ٹرانسفارمرز جو کہ اہل علاقہ کیلئے پریشانی کا باعث بنے ہوئے تھے میرٹ پر از خود اتار کر ان کی جگہ نئے ٹرانسفارمرز نصب کئے گئے ہیں جس سے صارفین ان کی شدید موسم گرما میں شکایات کم ہوئی ہیں اس موقع پر شیخ مدثر علی نے مزید بتایا کہ حالیہ بارشوں میں فیسکو عملہ نے جس طرح دن رات کی پرواہ کئے بغیر جس جاں فشانی سے صارفین کو محدود وسائل میں رہتے ہوئے بجلی بحالی میں اپنے فرائض کی بجا آوری کی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے یہ سب ایک ٹیم ورک کا حصہ ہے۔

11 جولائی کو بہبود آبادی کا عالمی دن منائیں گے، محمد عاطف

اس حوالے سے سیمینار، آگہی واک پروگرام بھی منعقد کئے جائینگے، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد عاطف علی نے کہا ہے کہ 11 جولائی کو بہبود آبادی کا عالمی دن منایا جائیگا۔ اور اس دن کی مناسبت سے سیمینار، آگہی واک اور دیگر پروگرام بھی منعقد کئے جائینگے۔ انکا کہنا تھا کہ محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حکومت پنجاب کی جانب سے بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے سلسلہ میں ہفتہ آگاہی بھی منایا جا رہا ہے اور اس سلسلہ میں ضلع اور تحصیل کی سطح پر مقامی علماء اکرام اور سماجی تنظیموں اور سول سوسائٹی کے دیگر سرکردہ افراد کے ذریعے عوام میں آبادی پر قابو پانے کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم بھی چلائی جا رہی ہے جبکہ نماز جمعہ کے خطبات میں مقامی علماء کرام کی دادرسی کے ساتھ ساتھ فیسکو کی جانب سے ملنے والی سہولیات کو صارف تک پہنچانا ہے اسی سلسلہ میں ضلع بھر کے تمام فلاحی مراکز اور کلینکس پر فری میڈیکل کیمپ بھی لگائے جائینگے جہاں زچہ و بچہ کی صحت کے حوالہ سے خواتین کو ڈاکٹرز آگاہی دینے کے ساتھ ساتھ انکے علاج معالجہ اور مفت ادویات بھی فراہم کی جائینگی۔ انہوں نے مذید بتایا کہ نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے حوالہ سے صحت مند سرگرمیوں، کھیلوں کے مقابلے، تقریری، آرٹ اور کوکنگ کے مقابلے بھی منعقد کروائے جائینگے۔

ملک میں گورننس نام کی کوئی چیز نہیں، آصف احمد علی

آئین سے ماورا آرڈر کس قانون کے تحت دیئے جا رہے ہیں؟ کوئی پوچھنے والا نہیں



سمندری (اعظم رضا راول سے) ملک میں گورننس نام کی کوئی چیز نہیں، آئین سے ماورا آرڈر کس قانون کے تحت دیئے جا رہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں، ملک کو آئین اور قانون کے تحت چلانے سے ہی ملک کے اندرونی حالات میں بہتری اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پی ٹی آئی تحصیل کے نائب صدر سابق نائب صدر بار ایسوسی ایشن چوہدری آصف احمد علی راول ایڈووکیٹ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کو بندوق کے زور پر ملک نہیں چلایا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز پاکستان کو قائداعظم کا پاکستان بنانے کیلئے ہر فرد کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ مزید کہا کہ حالیہ بجلی کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا کر رکھ دی ہیں۔

مہنگی بجلی کے باعث پوری قوم اضطراب میں ہے، اویس سندھو



سمندری (اعظم رضا راول سے) مہنگی بجلی کے باعث پوری قوم اضطراب میں ہے اور بجلی کے بھاری بلوں کے سبب عوامی مشکلات میں قدرے اضافہ ہوا' کم آمدن والے شہری کا گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہوا ہے 30 ہزار روپے ماہانہ انکم والے غریب محنت کش' مزدور یا دیہاڑی دار کو اس مرتبہ 20 ہزار تک بجلی بلوں کی وصولی سراسر ظلم' ناانصافی ہے عوام نفسیاتی مریض بن کر رہ گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری اویس سندھو نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی جانب سے بار بار بجلی گیس' پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اضافہ اور شرح مارک اپ زیادہ ہونے سے چھوٹی بڑی انڈسٹری تباہی کے کنارے پہنچ چکی اور محنت کش بے روزگار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے تحت وجود میں آنیوالی حکومت عوام کو ریلیف دینے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ مزید کہا کہ عوام کے ووٹ سے منتخب ہونیوالے نمائندے ہی عوام کو ریلیف فراہم کر سکتے ہیں۔

جہلم شہر سمیت گردونواح میں مضر صحت فاسٹ فوڈ کی فروخت جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت گردونواح میں مضر صحت فاسٹ فوڈ کی فروخت جاری، شہری پیٹ کے موذی امراض میں مبتلا ہونے لگے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران خاموش تماشائی، شہریوں کا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ہر گزرتے دن کے ساتھ فاسٹ فوڈ کے کاروبار میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے، فاسٹ فوڈ کا کاروبار ایسی جگہوں پر کیا جا رہا ہے جہاں پر سے دن اور رات کے اوقات میں ہر قسم کی ٹریفک کا گزرنا جاری وساری رہتا ہے جبکہ صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات اور ٹریفک کی وجہ سے اڑنے والی زہریلی گرد وغبار بھی کھانے، پینے کی اشیاء کے ساتھ انسانی جسموں میں داخل ہوتی ہے، جس کی وجہ سے شہریوں کی بڑی تعداد مختلف امراض کا شکار ہو کر ہسپتالوں کا رخ کر رہی ہے اس حوالے سے شہریوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فاسٹ فوڈ فروخت کرنے والے دکانداروں نے سڑکوں پر اپنے ٹھیے قائم کر رکھے ہے۔

جہلم ڈی سی سیدہ رملہ علی کے شہر کی اہم امام بارگاہوں کے دورے

ڈی پی او جہلم ناصر باجوہ کے ہمراہ انتظامات اور سیکورٹی کا جائزہ، کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا، مقامی انتظامیہ نے ڈی سی جہلم کو مجالس کی تفصیل سے آگاہ کیا اس موقع پر ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے کہا کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کو تمام ضروری سہولیات فراہم کر رہے ہیں سیکورٹی فورسز اپنی ڈیوٹی پر موجود ہیں امام بارگاہوں کے اردگرد غیر متعلقہ نقل وحرکت پر سخت پابندی ہوگی انہوں نے امام بارگاہوں کی انتظامیہ اور لائسنس داروں سے ملاقات کی اور ان کو انتظامیہ کی جانب سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دھانی کرائی۔

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈی سی سیدہ رملہ علی کے شہر کی اہم امام بارگاہوں کے دورے، ڈی پی او جہلم ناصر باجوہ کے ہمراہ انتظامات اور سیکورٹی کا جائزہ، محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کو مکمل سہولیات فراہم کریں گے ڈی سی جہلم۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے ڈی پی او جہلم ناصر باجوہ کے ہمراہ امام بارگاہ حسینیہ اسد آباد، امام بارگاہ امامیہ سول لائن، امام بارگاہ جعفریہ، امام بارگاہ روہتاس سمیت دیگر اہم امام بارگاہوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے محرم الحرام

ڈی پی او چکوال کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس

امن وامان کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء سے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ امن کمیٹی منتظمین و بانیان جلوس و مجالس محرم الحرام اور اکابرین اہلسنت چکوال کا اہم اجلاس نجی ہوٹل کے ہال میں منعقد ہوا جس میں ڈی پی او چکوال کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود نے محرم الحرام میں ضلع میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء سے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی، شرکاء سے خطاب میں ڈی پی او چکوال نے کہا کہ ضلع چکوال ایک پُرامن ضلع ہے، وہ مطمئن ہیں کہ محرم الحرام میں امن وامان کی یہ فضا برقرار رہیگی اور یہاں موجود تمام مذہبی شخصیات مذہبی رواداری اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھنے کیلئے اپنا بہترین کردار ادا کرینگی، اس موقع پر ڈی پی او چکوال کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود نے ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی چکوال و منتظم مرکزی جلوس 9/10 محرم الحرام و 19/20 صفر چوہدری عزادار حسین گجر منہالہ کی مذہبی وسماجی خدمات پر انکی تعریف کی اور بہترین خدمات کے اعتراف میں انہیں یوم عاشورہ کے فوری بعد تعریفی سند اور نقد انعام سے نوازنے کا اعلان بھی کیا۔

جہلم شہر کے گلی محلوں میں بھی قبضہ مافیا کا راج گھروں کے باہر شیڈ اور تھڑوں نے گلی محلوں کے راستوں کو تنگ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے گلی محلوں میں بھی قبضہ مافیا کا راج گھروں کے باہر شیڈ اور تھڑوں نے گلی محلوں کے راستوں کو تنگ کر دیا، نئی تعمیرات میں میونسپل کمیٹی سے منظور شدہ نقشوں کی کھلے عام خلاف ورزیاں جاری، شہریوں کا ڈپٹی کمشنر، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے گلی محلوں میں اکثر لوگوں نے اپنے گھروں دکانوں اور مارکیٹوں کے سامنے تین سے پانچ فٹ تک قبضے جما رکھے ہیں۔ جس سے گلی محلوں میں راگیروں کے لیے مسائل پیدا کر دیے گئے ہیں، گلی محلوں میں گھروں کے باہر ناجائز تھڑے اور بڑے ہوئے شیڈز نے شہر کے گلی محلوں کا حسن تباہ کر دیا ہے، شہر میں مختلف تعمیرات میں منظور شدہ نقشہ جات کی کھلے عام خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں، لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں، لمحہ فکریہ یہ ہے، کہ تجاوزات اس حد تک بڑھ گئیں ہیں کہ راہگیروں کو گزرنے میں بھی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ایسے لوگ راستے تنگ کر کے بھی انتہائی مطمئن دکھائی دیتے ہیں، حالانکہ اسلامی تعلیمات میں راستے کھلے رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

سوشل میڈیا پر فرقہ واریت کو فروغ دینے والے دو افراد کو جیل میں نظر بند کر دیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ ڈوگراں کلاں میں دو افراد نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر فرقہ واریت کو فروغ دینے کے حوالے سے پوسٹ شیئر کی۔ جس پر ڈسٹرکٹ پولیس سیالکوٹ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے دونوں افراد 1. عدنان اکبر ولد محمد اکبر سکنہ ڈوگراں کلاں 2. عمر شہزاد ولد محمد شہزاد سکنہ ڈوگراں کلاں کے نظر بندی کے احکامات جاری کروا کر ڈسٹرکٹ جیل بند کروایا گیا ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ محرم الحرام کے مقدس مہینہ میں سوشل میڈیا پر شر انگیز عناصر کی کڑی نگرانی کی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر کسی بھی قسم کی مذہبی منافرت، فرقہ واریت، اشتعال انگیزی پھیلانے والے امن دشمن عناصر کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سوشل میڈیا صارفین کسی بھی پلیٹ فارم پر مسلکی/مذہبی بحث سے گریز کریں کسی بھی واہلیشن کی صورت میں پولیس/ایف آئی اے کو بر وقت مطلع کریں۔ ڈسٹرکٹ پولیس سیالکوٹ محرم الحرام کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے پورے عزم کے ساتھ کوشاں ہے۔

اظہار تعزیت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کیجانب سے سینیئر وکیل چوہدری امجد بریار کی وفات پر اظہار تعزیت۔ سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت نزیر وینس، امیدوار پنجاب بار سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی، سینیئر وکیل رہنما ملک شہباز احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹس، فیصل تیور ایڈووکیٹ ہائی کورٹس، حارث میر بگو، سعد میر بگو، میاں حسن مرتضیٰ، علی الیاس ایڈووکی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اسوہ حضرت زینب، مادرِ ملّت اور مجسمہ آزادی

معزز قارئین! آج 9 جولائی ہے اور آج اہلِ پاکستان اور بیرونِ ملک ''فرزندانِ ودخترانِ پاکستان'' اپنے اپنے انداز میں مادرِ ملّت محترمہ فاطمہ جناح کی 57 ویں برسی منا رہے ہیں۔ نئی نسل کو قائداعظم اور مادرِ ملّت کے آباواجداد کے بارے بتانا ضروری ہے کہ ''آپ کے آباؤاجداد غوثِ اعظم، سیّدعبدالقادر جیلانی کے مرید ہونے کے باعث ''القادری'' کہلاتے تھے!''۔ قیام پاکستان سے پہلے ایک صحافی نے قائداعظم سے پوچھا کہ ''آپ شیعہ ہیں یا سنی؟''۔ تو آپ نے کہا کہ ''مَیں تو ایک عام مسلمان ہوں لیکن ہم سب مسلمان، ''بابُ العلم'' حضرت علی مرتضیٰ کا یومِ ولادت اور شہادت مل کر مناتے ہیں!''۔ یاد رہے کہ ''قائداعظم نے اپنے شانہ بشانہ قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں شریک اپنی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح کو حکومت اور مسلم لیگ میں کوئی عہدہ نہیں دِیا تھا''، چنانچہ محترمہ فاطمہ جناح قوم کی فلاح و بہبود میں سرگرم عمل رہیں۔ 2 جنوری 1965ء کے ''صدارتی انتخاب'' میں (پاکستان مسلم لیگ کنونشن کے صدر) صدرِ پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے مقابلے میں محترمہ فاطمہ جناح متحدہ اپوزیشن کی امیدوار تھیں، جنہیں ''مصورِ نظریہ پاکستان'' جناب مجید نظامی نے ''مادرِ ملّت'' کا خطاب دِیا۔

صدارتی انتخاب میں پاکستان کے ہر عاقل، بالغ (مرد اور عورت) کے بجائے مشرقی اور مغربی پاکستان کے صرف 80 ہزار ارکانِ بنیادی جمہوریت کو ووٹ کا حق دیا گیا تھا لیکن عوامی جلسوں میں مادرِ ملّت کے خطابات نے آمریت کے قلعہ کو ہلا کر رکھ دِیا تھا۔ مَیں ان دِنوں سرگودھا میں ''نوائے وقت'' کا نامہ نگار تھا لیکن مَیں نے پنجاب کے بڑے شہروں میں مادرِ ملّت کے خطابات سنے تو میرا ایمان تازہ ہوگیا۔ تحریک پاکستان کے نامور قائد ''تحصیل عیسیٰ خیل'' (ضلع میانوالی) کے ''مجاہدِ ملّت'' مولانا عبدالستارخان نیازی نے اپنے خطابات میں کہا کہ ''مادرِ ملّت محترمہ فاطمہ جناح اپنے خطابات سے سانحہ کربلا کے بعد اسوہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پیروی کررہی ہیں'' پھر مادرِ ملّت کے ہر جلسہ عام میں ہر مقرر نے یہی انداز اختیار کیا۔

مَیں نے بھی اپنے ہر کالم میں لکھا کہ ''مادرِ ملّت اسوہ حضرت زینب کی پیروی کرتی رہی ہیں''۔ 1996ء میں میری ملاقات راولپنڈی کے حقیقی درویش ''تحریک نفاذِ فقہ جعفریہ'' کے سربراہ آغا سیّد حامد علی شاہ صاحب موسوی سے ہوئی جنہوں نے وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو کی دعوت پر وزیراعظم ہاؤس جانے سے انکار کردِیا تھا۔ آغاجی نے کہا کہ ''کسی بھی مذہبی جماعت کو سیاسی جماعت کا کردار ادا نہیں کرنا چاہیے۔'' میری آغاجی سے صرف تین ملاقاتیں ہوئی ہیں کیونکہ میرے والد صاحب تحریک پاکستان کے (گولڈ میڈلسٹ) کارکن رانا فضل محمد چوہان نے مجھے نصیحت کی تھی کہ ''درویشوں کا وقت بہت قیمتی ہوتا ہے''۔ 19 جنوری 2016ء کو آغاجی سے میری تیسری ملاقات میں میرا اسلام آبادی داماد معظم ریاض چودھری میرے ساتھ تھا۔ وہاں سیّدعباس کاظمی، کرنل (ر) سخاوت علی کاظمی، شہاب مہدی رضوی اور آغاجی کے دونوں قانون دان بیٹے سیّد محمد مرتضیٰ موسوی اور سیّد علی روح العباس موسوی بھی تھے۔ آغاجی نے مجھے بتایا کہ ''اشرچوہان صاحب! مَیں چاہتا ہوں میرے دونوں بیٹے وکیل کی حیثیت سے علاّمہ اقبال اور اور قائداعظم کی طرح قوم کی خدمت کریں''۔

''مادرِ ملّت سے ملاقات!''

معزز قارئین! صدارتی انتخاب سے پہلے ضلع سرگودھا میں مادرِ ملّت کی انتخابی مہم کے انچارج تحریک پاکستان کے نامور کارکن قاضی مرید احمد مجھے اور میرے صحافی دوست تاج الدّین حقیقت کو لاہور لائے۔ مادرِ ملّت سے ہماری ملاقات ہوئی تو اسی وقت تحریکِ پاکستان کے دو کارکنوں، لاہور کے مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری اور پاک پتن کے چودھری محمد اکرم طور نے بھی مادرِ ملّت سے ملاقات کی۔ پھر (چیئرمین پیمرا، مرزا محمد سلیم بیگ کے والد صاحب) مرزا شجاع الدّین بیگ اور سعید آسی صاحب کے والد صاحب چودھری محمد اکرم طور سے دوستی ہوگئی۔ پھر ان کے بیٹوں سے۔ تحریک پاکستان کے دَوران، مرزا شجاع الدّین امرتسری کا آدھے سے زیادہ خاندان سکھوں سے لڑتا ہوا شہید ہوا اور چودھری محمد اکرم طور نے قیام پاکستان کے بعد مہاجرین کی آبادکاری میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

''جنابِ مجید نظامی کا خطاب!''

5 اگست 2013ء کو ''مادرِ ملّت سنٹر'' کی انچارج ماہر تعلیمات ڈاکٹر پروین خان کے زیراہتمام جنابِ مجید نظامی کی صدارت میں ''ایوانِ کارکنانِ تحریک پاکستان'' لاہور میں کثیر تعداد میں گریجویٹس اور پوسٹ گریجویٹس خواتین کی تقریب تھی۔ ''نظریہ پاکستان ٹرسٹ'' کے سیکرٹری برادرِ عزیز سیّد شاہد رشید (اب مرحوم) کی دعوت پر مَیں اسلام آباد سے لاہور گیا۔ وہاں خطاب کرتے ہوئے جنابِ مجید نظامی نے کہا کہ ''پاکستان کی ہر خاتون ہندوؤں کی ہر دیوی سے افضل ہے''۔

ٹیکسوں کی بھرمار، حکومت عوام پر رحم کرے!!!!!

حکومت ٹیکس پر ٹیکس لگا رہی ہے، وہ جو پہلے ہی ٹیکس دے رہے ہیں ان کا خون چوسا جا رہا ہے، کیا ملک ایسے چلتے ہیں کہ جو ٹیکس دیں ان سے زیادہ ٹیکس لیتے رہیں اور جو ٹیکس نہیں دیتے انہیں ٹیکس چوری کی آزادی دے دی جائے۔ یہ کیسا نظام ہے، یہ کیسی حکمت عملی ہے۔ حکومت تو ایسے ٹیکس لگا رہی ہے جیسے لوگوں کو اتنا ٹیکس بھرنے کے بعد کھانا پینا حکومت نے دینا ہے، ٹیکس ادا کرنے سے صحت کی سہولیات میسر ہوں گی، تعلیم کی سہولیات میسر ہوں گی، کیا ٹیکس ادا کرنے والوں کو ریاست سہولیات فراہم کرے گی یا پھر صرف سانس لینے کے پیسے ہی وصول کیے جائیں گے۔ اب موجودہ حکومت نے جیسے عام آدمی اور بالخصوص تنخواہ دار طبقے کو ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبایا ہے، کیا ایسے ملک آگے بڑھے گا، جو حکومت کے قابو میں ہے اس کا گلا اور زور سے دبایا جا رہا ہے اور جو بے قابو ہیں انہیں تا حال مکمل آزادی ہے، انہیں کوئی روک ٹوک نہیں ہے، نہ حکومت کے پاس ابھی تک اس حوالے سے کوئی حکمت عملی نہیں ہے۔ اب تو بلاول بھٹو زرداری نے بھی کہا دیا ہے کہ ٹیکس کا بوجھ اشرافیہ پر بڑھانا ہوگا۔ اگر حکومت کی سب سے اہم اتحادی جماعت یہ سمجھتی ہے کہ ٹیکس کا بوجھ اشرافیہ ہر ڈالنا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت نے ابھی ٹیکسوں کی مد میں جو بوجھ عوام پر ڈالا ہے کیا کسی نے یہ سوچا ہے کہ لوگ ذہنی مریض بن جائیں گے۔ کیا شہریوں کی آمدن واخراجات میں توازن رکھنے کے لیے پالیسی بنانا حکومت کی ذمہ داری نہیں ہوتی۔ اگر حکومت ٹیکس جمع کرے اور اپنے اخراجات کم نہ کرے، افسرشاہی کی رہائش اور دیگر مراعات پر اربوں خرچ ہوں اور تنخواہ دار طبقے پر بوجھ بڑھایا جاتا رہے تو یہ ظلم کب تک برداشت ہوسکتا ہے۔ حکومت کیوں لوگوں کا سانس بند کرنے کی پالیسیاں بنا رہی ہے۔ حکومت کیوں یہ کہتی ہے کہ اگر ٹیکس اکٹھا نہ ہوا تو یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام نہیں ہوگا۔ پہلے وزیر خزانہ نے یہ بات کی اور اب وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے بھی یہی کہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے آئی ایم ایف کے پاس جانا مجبوری تھی، تلخ فیصلے نہ کیے تو دوبارہ آئی ایم ایف کے پاس جانا پڑے گا۔ اس سے پہلے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اگر ہم نے اپنی ٹیکس آمدنی میں اضافہ نہیں کیا تو آئی ایم ایف کے ساتھ یہ ہمارا آخری پروگرام نہیں ہوگا۔

ملک کا انحصار درآمدات پر ہے جس کی وجہ سے قرضوں کی ادائیگی کے لیے مزید قرض لینا پڑتا ہے۔ ہمیں قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے، جب تک معیشت درآمد پر مبنی رہے گی، ہمارے پاس ڈالر ختم ہوتے رہیں گے۔ لوگ رشوت، کرپشن اور ہراسانی کے ڈر سے ایف بی آر سے ڈیل نہیں کرنا چاہتے۔

جناب وزیر خزانہ ذرا آنکھیں کھولیں اور قوم کو یہ بتائیں کہ آپ فیکٹری مالکان کی پروڈکشن پر ٹیکس کیوں نہیں لگاتے، کیوں آپ دودھ فراہم کرنے والی کمپنیوں کی پروڈکشن کیپیسٹی پر ٹیکس لگائیں، کیوں حکومت چینی کی پروڈکشن پر ٹیکس نہیں لگاتی۔ حکومت اگر نظام میں اصلاحات نہیں لاتی تو اس کا خمیازہ بھی عوام نے بھگتنا ہے۔ پھر اتنے بڑے پیمانے پر اور بھاری ٹیکسوں کے بعد بھی جی ایس ٹی ادا کرنے والے شہری اس حوالے سے بیخبر ہیں کہ وہ جو ٹیکس ادا کررہے ہیں وہ اصل جگہ پہنچ بھی رہا ہے یا نہیں پہنچ رہا ہے۔ موجودہ قوانین میں ایسی اصلاحات کی ضرورت تھی جس کے ذریعے سارا نظام ڈیجیٹلائز ہوتا کس ریٹیلر



کے پاس کتنی پراڈکٹ ہے، کس ریٹیلر کے پاس کسی چیز کی کتنی مقدار موجود ہے اور وہاں سے اکٹھا ہونے والا ٹیکس کیا واقعی اصل جگہ پہنچ رہا ہے اس نظام میں شفافیت ہونی چاہیے۔ نہ حکومت نے اپنے اخراجات کو کم کیا ہے، نہ غیر ضروری وزارتوں کو ختم کیا ہے، نہ افسرشاہی اور سیاست دانوں کی مراعات کو کم کیا ہے سارا بوجھ عوام پر ڈال دیا ہے۔ بجلی بنانے والی کمپنیز کے ساتھ معاہدے حکمران طبقے نے کیے وہ بجلی بنائیں یا نہ بنائیں کیپیسٹی پر حکومت انہیں پیسے ہر حال ادا کرے گی۔ یعنی غلط معاہدے حکمران کریں اور اس غلطی کی سزا عوام کو ملے۔ کیا وفاقی وزیر خزانہ اس کا جواب دے سکتے ہیں۔ کیا ایف بی آر اپنی ذمہ داریاں نبھا رہا ہے، کیوں حکومت ٹیکس کے معاملے میں ڈیجیٹلائزیشن پر نہیں گئی، کیا وزیر خزانہ کے پاس اس کا جواب ہے۔ دودھ خریدنے والے ٹیکس دیں گے لیکن کیا دودھ کے کاروبار سے منسلک ادارے ٹیکس ادا کریں گے۔ اس نظام سے تو مالدار مزید مال کمائے گا اور ٹیکس ادا کرنے والوں کی چیخیں آسمان تک جائیں گی۔ ایک طرف ملک مالی مشکلات سے دوچار ہے تو دوسری طرف ہمارے حکمران ٹیکس میں رعایت ہا ٹیکس میں چھوٹ دیے جاتے ہیں۔ مالی سال 24-2023 کے دوران 24.73 فیصد یا 16 کھرب 40 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اکنامک سروے 24-2023 کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مالی سال 2023 کے 22 کھرب 39 ارب روپے کے مقابلے مالی سال 2024 میں ریکارڈ 38 کھرب 79 ارب کی چھوٹ دی۔ کیا وفاقی وزیر خزانہ قوم کو یہ بتا سکتے ہیں کہ کھربوں کی ٹیکس چھوٹ کیا غریبوں کے لیے تھی یا پھر مالداروں کو فائدہ پہنچایا گیا، یہ جو دو دو کنال کے گھر حکومت سرکاری افسران کو بنا کر دے رہی ہے کیا یہ مالی بوجھ وفاقی وزراء، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی برداشت کریں گے یا پھر عوام کے ٹیکس کا پیسہ خرچ ہوگا، کیا ایسی عیاشیوں سے پہلے ٹیکس ادا کرنے کرنے والوں سے مشاورت کی گئی۔ یہ تو ظلم کا نظام ہے۔ حکمران ہوش میں آئیں، لوگوں سے سانس لینے کا حق نہ چھینا جائے۔

حکومت نہ تو ٹیکس آمدن کے ذرائع بڑھا رہی ہے، نہ حکومت ٹیکس اکٹھا کرنے والے نظام میں اصلاحات لا رہی ہے، نہ حکومت ٹیکس اکٹھا کرنے والے ادارے کے افسران کی طرف سے اختیارات کے ناجائز استعمال کو روکنے کی طرف بڑھ رہی ہے، نہ حکومت ٹیکس اکٹھا کرنے کے نئے راستے تلاش کررہی ہے۔ ان حالات میں معاملات کیسے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ سو اس صورت حال ہے ہمیں مشکلات میں اضافے کا پیغام ملتا ہے۔ جو ٹیکس اکٹھا ہوتا ہے اس کی تفصیلات بھی تو پبلک ہونی چاہییں۔ یہ جو سمگلنگ ہے اسے کون روکے گا۔ نہ حکومت سمگلنگ روکے، نہ حکومت سے ٹیکس اکٹھا ہوا البتہ ٹیکس چوری، ٹیکس چھوٹ میں اداروں کی معاونت ضرور نظر آتی ہے، سمگلنگ کیوں ہوتی ہے اس کا نقصان کسے اور فائدہ کسے ہوتا ہے یہ حقائق بھی وزارت خزانہ کو عوام کے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔

دیکھنا یہ ہے وزیر خزانہ جی ایس ٹی کے نام پر اور کتنا ظلم کرتے ہیں۔ مالداروں کو کتنا فائدہ پہنچاتے ہیں اور بیبس شہریوں کے لیے زندگی کتنی تنگ کرتے ہیں۔

آخر میں محسن نقوی کا کلام
میں آڑھے ترچھے، خیال سوچوں
کہ بے اِرادہ کتاب لکھوں
کوئی شناسا سی غزل تراشوں
کہ اجنبی سا اِنتساب لکھوں
گنوادوں ایک عُمر کے زمانے
کہ ایک ایک پل کا حساب لکھوں
یہ میری طبعیت پر منحصر ہے
میں جس طرح کا نصاب لکھوں
عذاب سوچوں، ثواب لکھوں
طویل تر ہے سفر، مگر تمہیں کیا
میں جی رہا ہوں، مگر تمہیں کیا
تمہیں کیا، کہ تم تو کب سے
میرے اِرادے، گنوا چکی ہو
جلا کر سارے خروف اپنے
میری دُعائیں جلا چکی ہو
میں رات اوڑھوں، کہ صُبح پہنوں
تم اپنی رَسمیں، اُٹھا چکی ہو
سُنا ہے سب کچھ، بُھلا چکی ہو
تو اَب اِس دِل پہ، جبر کیسا
یہ دِل تو، حد سے گذر چکا ہے
گذر چکا ہے، مگر تمہیں کیا
کہ اِس میں خزاں کا موسم ٹھہر چکا ہے
مگر تمہیں کیا، کہ اِس خزاں میں
میں جس طرح کے بھی خواب لکھوں

ایران، برطانیہ اور بھارت میں تبدیلی پر ہمارے ''ذہن سازوں'' کی توقعات

برطانیہ کے بعد ایران کے صدارتی انتخابات بھی ہوگئے تو ہمارے ہاں سوشل میڈیا پر چھائے ''ذہن سازوں'' کا ایک گروہ نہایت حسرت سے پاکستانیوں کو یاد دلانا شروع ہوگیا کہ حال ہی میں برطانیہ اور ایران کے علاوہ بھارت بھی انتخابی عمل سے گزرا ہے۔ ان تینوں ملکوں میں بقول ''ذہن سازوں'' کے ''قدامت پرست اور آمرانہ مزاج'' کی جماعتوں اور افراد کو شکست ہوئی۔ وہاں کے عوام ''جاگ اُٹھے'' اور ''بہتر لوگ'' اقتدار میں لے آئے۔ پاکستان میں لیکن بار ہا انتخابات کے باوجود ''تبدیلی'' نہیں آتی۔ انتخاب ہو بھی جائیں تو ان کے ''حقیقی نتائج'' حکمران اشرافیہ کھلے دل سے قبول نہیں کرتی۔

تین ملکوں کے انتخابی نتائج کے ذکر سے خود کی ملامت کرتے ''ذہن سازوں'' کے پیغامات کو توجہ سے پڑھا تو حیرت ہوئی۔ ایران کا سیاسی ڈھانچہ اور انتخابی عمل برطانیہ اور بھارت کے مقابلے میں قطعاً مختلف ہے۔ ایران ایک کٹر نظریاتی مملکت ہے جہاں منتخب اداروں کے متوازی روحانی سربراہ کی قیادت میں قائم ہوا طاقت ور ترین سیاسی ڈھانچہ بھی ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے منتخب صدر اپنے تئیں ایران کو ''انقلابی'' انداز میں تبدیل کرنے کے قابل ہی نہیں۔

نواز شریف کے دوسرے دورِ حکومت کا آغاز ہونے کے چند ماہ بعد تہران میں اسلامی ممالک کے سربراہان کی کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔ میں اس کی تیاریوں کے دوران ہی تہران پہنچ گیا تھا اور وزیراعظم کے ہمراہ گئے صحافیوں میں شامل نہیں تھا۔ میرے وہاں پہنچنے کے روز ایران نے ایک فٹ بال میچ جیتا تو نوجوان بچوں اور بچیوں کی بہت بڑی تعداد فرطِ جذبات سے سڑکوں پر نکل آئی۔ کئی اہم شاہراہوں پر وہ ٹولیوں کی صورت رقص میں مصروف رہے۔ نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی اجتماعی شادمانی نے جو مناظر دکھائے چند اہم عالمی اخبارات کے نمائندوں نے انہیں ''تبدیلی'' کی علامت ٹھہرایا۔ طے کردیا کہ نومنتخب صدر خاتمی اپنی ''معتدل مزاجی'' کی بدولت جلد ہی ایران کو امریکہ اور یورپ کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی راہ پر لگادیں گے۔

''معتدل مزاج'' صدر روحانی سے بھی ایسی ہی امیدیں باندھی گئی تھیں۔ ان ہی کے دور میں طویل مذاکرات کے بعد امریکہ نے روس کی بھرپور معاونت سے ایران کو ایک اہم معاہدے پر دستخط کرنے کو رضامند کیا۔ اس معاہدے کی بدولت ایران نے وعدہ کیا کہ وہ اپنے ایٹمی پروگرام کو جنگی ہتھیاروں کے لئے استعمال نہیں کرے گا۔ مذکورہ معاہدہ باراک اوبامہ کی ''تاریخ ساز'' کامیابی کے طور پر سامنے آیا۔ اس کی جگہ وائٹ ہاؤس پہنچے ٹرمپ نے مگر اقتدار سنبھالتے ہی مذکورہ معاہدے کو یک طرفہ طور پر منسوخ کردیا۔ ایران اور مغربی دنیا کے مابین تناؤ اب انتہا کو پہنچ چکا ہے اور نئے ''معتدل مزاج'' صدر کا انتخاب اس تناظر میں کسی مثبت پیش قدمی کی امید نہیں دلاتا۔ ہمارے ہاں تاہم فقط ''معتدل مزاج'' کے لیبل نے ''ذہن سازوں'' کو اپنی خواہشات کی کہانیاں گھڑنے کو اکسانا شروع کردیا ہے۔



بھارت میں نریندر مودی ''اب کی بار- چار سو پار'' حاصل نہیں کر پایا۔ اس کے باوجود مسلسل تیسری بار وزارت عظمیٰ کے منصب کے حصول میں کامیاب رہا۔ وزارت داخلہ اور خارجہ کے مناصب پر بھی وہی لوگ فائز ہیں جو گزشتہ دو ادوار سے اس کے قریب ترین تصور ہوتے ہیں۔ اپنی حکومت کے قیام کے لئے اتحادی جماعتوں کی محتاجی کے باوجود وہ ''ہندوتوا'' کے بنیادی اصولوں پر کوئی سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں۔ کانگریس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو اسے قابو میں رکھنے کے لئے مزید کئی سال کسی جاندار سیاسی حکمت عملی کے ذریعے عوام کو جگائے رکھنا ہوگا۔

''تبدیلی'' کا ذکر کریں تو حقیقی معنوں میں وہ برطانیہ میں آئی ہے جہاں 14 برس تک برسراقتدار رہنے کے بعد وہاں کی قدامت پرست جماعت کو بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ سوال اگرچہ یہ بھی اُٹھتا ہے کہ قدامت پرست جماعت کی ذلت آمیز شکست یقینی بنانے میں لیبر پارٹی کا کونسا ''حربہ'' کارگر ثابت ہوا ہے۔ اس تناظر میں غور کیا تو کچھ بھی ڈھونڈ نہیں پایا۔ قدامت پرست جماعت کی رعونت اور ناقص پالیسیاں ہی اس کے لئے ''خودکش'' ثابت ہوئیں۔ لیبر پارٹی نے اسے دیوار سے نہیں لگایا۔

قدامت پرست جماعت کو ''نیا'' بنانے کے لئے بورس جانسن نے روایتی کے مقابلے میں سوشل میڈیا کو جارحانہ انداز میں استعمال کیا تھا۔ برطانیہ کی سفید فام اکثریت کو یہ سوچنے کو مجبور کیا کہ یورپی یونین میں شامل ہوکر ان کا ملک اپنی ''تاریخی پہچان'' اور منفرد حیثیت کھو چکا ہے۔ اس کی جارحانہ مہم کے نتیجے میں اسی کی جماعت کا سابق وزیراعظم یورپی یونین میں شامل رہنے یا نہ رہنے کے سوال پر ریفرنڈم کو مجبور ہوا۔ ریفرنڈم ہوا تو برطانیہ یورپی یونین سے الگ ہوگیا۔ یورپی یونین سے علیحدگی کے بعد برطانیہ کو اس کی تاریخی ''عظمت و پہچان'' لوٹانے کے وعدے کے ساتھ بورس جانسن وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز ہوا تو ڈھنگ کی ایک پالیسی بھی مرتب نہ کرپایا۔ ''تبدیلی'' کے نام پر آئی حکومت کرونا کی وباء کے دنوں میں بھی شغل میلے والی پارٹیوں میں مصروف رہی۔ بورس کا غیر ذمہ دارانہ رویہ اس کے زوال کا باعث ہوا تو اس کی جگہ قدامت پرست پارٹی ہی سے آئے دو مزید وزیراعظم بھی برطانوی عوام کو امید نہ دلا پائے۔ بالآخر قبل از وقت انتخابات کروانے کو مجبور ہوئے اور قدامت پرست جماعت کی خودکش پالیسیوں نے جو خلا پیدا کیا اسے لیبر پارٹی نے بآسانی پر کردیا ہے۔

سنگین ترین معاشی بحران کے جس مقام پر برطانیہ اب پہنچ چکا ہے اس سے نکلنے کیلئے لیبر پارٹی کو بے تحاشہ نئے اور تخلیقی اقدامات لینا ہوں گے۔ وہ اس میں ناکام رہی تو اس کا انجام بھی قدامت پرست پارٹی جیسا ہوگا۔ برطانیہ کے تناظر میں اہم ترین حقیقت مگر یہ بھی ہے کہ وہاں کے عوام قدامت پرست جماعت کی مسلسل حماقتوں کے باوجود جمہوری عمل سے بددل نہیں ہوئے۔ اسے 14 طویل برسوں تک ''گڈ گورننس'' فراہم کرنے کا موقعہ دیا۔ وہ مسلسل ناکام ہوتی رہی تو لیبر پارٹی رات کے اندھیروں میں غیر پارلیمانی قوتوں کے ساتھ رابطوں کے ذریعے قدامت پرست جماعت کے بجائے خود کو محلاتی سازش کے ذریعے اقتدار میں آنے کے راستے نہیں ڈھونڈتی رہی۔ محلاتی سازشوں میں وقت ضائع کرنے کے بجائے لیبر پارٹی نے اپنے کارکنوں کو مسلسل متحرک رکھا۔ جماعت کی نچلی سطحوں سے بھرپور مشاورت کے ذریعے ایسی پالیسیاں ڈھونڈنے کی کوشش ہوئی جو لیبر پارٹی کو اقتدار میں آنے کے بعد مہنگائی کے عذاب کا مداوا فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکیں۔

دیگر ممالک میں عوام کی اجتماعی قوت کی بدولت قدامت پرست اور آمرانہ مزاج کی حامل جماعتوں اور افراد کی شکست سے سوشل میڈیا پر چھائے ہمارے ''ذہن سازوں'' کو جو سبق اخذ کرنا چاہیے تھے وہ انہیں یکسر نظرانداز کرگئے ہیں۔ پاکستانیوں کو محض اپنی اجتماعی ملامت ہی میں مصروف رکھا جارہا ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف کی شنگھائی کانفرنس میں شرکت

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور تاجکستان کے درمیان دو طرفہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک زراعت، صحت، تعلیم، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مل کر کام کریں گے، خطے میں امن اور خوشحالی کے لیے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تاجکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے منگل کو تاجکستان کے صدر امام علی رحمان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ تاجکستان میں ہمارا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا گیا۔ ایسا لگتا ہے کہ ہم ایک گھر سے دوسرے گھر آئے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ تاجکستان اور پاکستان کے درمیان روڈ اور ریل نیٹ ورک مزید مضبوط ہو۔ ہمیں کثیر جہتی تجارتی راہداریاں تلاش کرنی چاہئیں۔ چین، تاجکستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی راہداری کا حصہ بننے کے خواہشمند ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ تاجکستان اور پاکستان نے کئی سال اس ناسور کا سامنا کیا اور انسانی زندگیوں اور معاشی نقصانات کی صورت میں بھاری قیمت ادا کی، وزیراعظم محمد شہباز شریف دوروزہ تاجکستان کے دوران سرکاری پاسپورٹوں کو ویزا سے مستثنیٰ کرنے کے سمجھوتے کے علاوہ مختلف شعبوں میں معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کے بعد جمعرات کو اور اس امید کا اظہار کیا کہ آستانہ اعلامیہ اور اس اجلاس میں منظور ہونے والی دیگر دستاویزات امن وخوشحالی کے مقاصد کے لیے کوششوں کو تقویت دینے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ انھوں نے فلسطینی عوام کی بے پناہ مشکلات کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی جس میں 37000 سے زائد فلسطینیوں کو شہید کیا گیا ہے اور لاکھوں افراد بے گھر ہوئے ہیں۔ انھوں نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیشن کی انکوائری رپورٹ کی بھی توثیق کی جس میں اسرائیل کی کارروائیوں کو جنگی جرائم اور عالمی عدالت انصاف نے اسے نسل کشی قرار دیتے ہوئے جوابدہی کا مطالبہ کیا۔

شنگھائی تعاون تنظیم کے اعلامیہ کے مطابق تنظیم کے رکن ممالک نے متفقہ طور پر معیشت اور سلامتی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فیصلوں کی منظوری دے دی، ماحولیات کے تحفظ سے متعلق معاہدے پر دستخط بھی کیے گئے۔ شہباز شریف نے 3 اور 4 جولائی کو قازقستان کے دارالحکومت آستانہ میں ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ (سی ایچ ایس) کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کی۔ سی ایچ ایس نے اہم علاقائی اور عالمی سیاسی، سیکورٹی اور اقتصادی مسائل، چیلنجز اور پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا۔ کونسل نے تعاون کے مختلف شعبوں میں تقریباً 20 فیصلوں کی منظوری دی۔ آستانہ اعلامیہ کو اپنانے کے علاوہ سی ایچ ایس نے تین بیانات کو اپنایا جن میں پینے کے پانی اور صفائی، ویسٹ مینجمنٹ کا موثر انتظام اور اچھے پڑوسی ہونے کے اصول شامل ہیں۔ کونسل نے اقتصادی اور سلامتی کے شعبوں میں جاری تعاون کے لیے مختلف منصوبوں اور حکمت عملیوں کی بھی منظوری دی۔ ماحولیات کے تحفظ سے متعلق ایک معاہدے پر ایس سی او کے متعلقہ وزراء نے دستخط کیے۔

وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان مسئلہ فلسطین کے 1967ء سے پہلے کی سرحدوں کی بنیادوں پر دو ریاستی حل کا حامی ہے جس کے تحت فلسطینی ریاست کا قیام ہو اور اس کا دارالحکومت القدس ہو۔ پاکستان رواں سال اکتوبر میں ایس سی او سربراہ اجلاس کی میزبانی کے لیے پرعزم ہے۔ ایس سی او رکن ممالک کے ساتھ تعاون پاکستان کی خارجہ پالیسی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان ایس سی او کو متحرک تنظیم بنانے اور اہداف کے حصول میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔

شہباز شریف کی آستانہ میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات ہوئی جس میں دو طرفہ تعلقات سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تجارت اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات مثبت سمت میں گامزن ہیں، ہمیں مستقبل میں اپنے تعلقات کو مزید وسعت دینا ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ روس سے تیل کی سپلائی ہمیں موصول ہوئی ہے، ہم اس کو مزید بڑھانا چاہتے ہیں، 60 اور 70 کی دہائی میں ہم نے بارٹر سسٹم کے تحت تجارت کا آغاز کیا تھا۔

اپنے لہو سے روشنی کے چراغ جلانے والا وارث میر

معروف دانشور اور لکھاری پروفیسر وارث میر پاکستانی صحافتی تاریخ کا ایک ایسا منفرد کردار ہیں جنہوں نے جنرل ضیاء الحق کی آمریت کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں اپنے لہو سے سچائی کا چراغ روشن رکھنے کی جرات کی اور اس کی بھاری قیمت بھی ادا کی۔ ہماری تاریخ کے ایک ایسے بھیانک دور میں، جب سیاسی کارکنوں کی ننگی پیٹھ پر کوڑے برسانے کی حکمتِ عملی سکہ رائج الوقت تھی، وارث میر نے ضیا جنتا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسے للکارنے کی روایت قائم کی جس کی کوئی اور نظیر ماضی قریب میں ملنا مشکل ہے۔

جنرل ضیاالحق کے آمرانہ دور میں جہادی سوچ، تنگ نظری اور فرقہ واریت کی سرکاری سرپرستی کے باعث روشن خیالی اور خرد افروزی جرم ٹھہری تھی۔ لیکن وارث میر کی غیرتِ ایمانی نے اس صورتِ حال میں باطل کے ساتھ زندہ رہنے کی بجائے جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہتے ہوئے مرجانے کو ترجیح دی۔ وہ جب تک زندہ رہے حق کی مشعل کو مضبوطی کے ساتھ تھامے رکھا۔ انہوں نے سیاسی آمریت اور فکری تاریک اندیشی کو اسلام اور بانیانِ پاکستان کے تصورِ پاکستان کی روشنی میں گناہ عظیم ثابت کیا اور بڑے استقلال کے ساتھ ملائیت سے پھوٹنے والے استدلال کی نفی کرنے میں مصروف رہے۔ وہ ایک ایسے دانشور تھے جو ملائیت کو تو رد کرتے تھے مگر اسلام پر بھی جان چھڑکتے تھے۔ اس موضوع پر ان کی تحریریں اقبال کے ''دینِ ملائی فی سبیل اللہ فساد'' کی تفسیر ہیں۔ انہوں نے اپنی تحریروں میں ان دانشوروں کے استدلال کو بھی اپنی حریتِ فکر کے ساتھ رد کیا جو ملا کی بداندیشی کی سزا اسلام کی حقیقی، پاکیزہ روح کو دینے کے عادی ہیں۔ وارث میر نے اپنی فکر انگیز تحریروں میں اخوان الصفا، الکندی، الفزالی، اعرابن رشد کے فلسفیانہ اندازِ نظر سے پھو





لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال پنجاب سٹیڈیم میں نئی اوآن گوئنگ سپورٹس سکیموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال کی زیر صدارت نئی اور جاری سپورٹس سکیموں کے حوالے سے جائزہ اجلاس

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال نے سپورٹس افسران کو ہدایت کی کہ وہ نئی زیر صدارت پنجاب سٹیڈیم میں اہم اجلاس منعقد ہوا ہے، منگل کے روز ہونے والے اجلاس میں پنجاب میں بننے والی نئی اور جاری سپورٹس سکیموں کا جائزہ لیا گیا ہے، سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھیلتا پنجاب پروگرام کے تحت 52 نئے سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، پنجاب میں 58 پرانے سپورٹس کمپلیکس کو بحال کیا جائے گا، صوبہ میں اس سال 131 سپورٹس پراجیکٹس پر کام کیا جارہا ہے، ستمبر سے دسمبر تک کئی سپورٹس پراجیکٹس مکمل کر لئے جائیں گے، سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال نے سپورٹس افسران کو ہدایت کی کہ وہ نئی بننے والی سپورٹس سہولیات کی تعمیر سے قبل این او سی حاصل کریں اور مکمل ہونے والے سپورٹس کمپلیکس کا کنٹرول فوری طور پر حاصل کریں، سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال نے مزید کہا ہے کہ سپورٹس ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، سپورٹس کی ترقی اور کھیلوں کے کلچر کو فروغ دینے کیلئے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری فرحان فاروق، ڈپٹی سیکرٹری مرحبا نعمت، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ایم یو قیصر رضا اور ڈپٹی ڈائریکٹر طارق خانزادہ موجود تھے۔



ویل خمار کالنکا پریمیئر لیگ میں شاٹ مارتے ہوئے خوبصورت انداز

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فاتح کپتان روہت شرما سے ایکس نے 'بلو ٹک' واپس لے لیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما سے مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس نے بلو ٹک (اکاؤنٹ کے تصدیق شدہ ہونے کا نشان) چھین لیا گیا ہے۔ روہت شرما نے مائیکرو بلاگنگ سائٹ X پر اپنی پروفائل تصویر تبدیل کی تھی، جس میں انہیں بارباڈوس کے اسٹیڈیم میں ہندوستانی پرچم کو لگاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بھارتی ٹیم تاحال آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کی جیت کا جشن مناتی نظر آ رہی ہے۔ دوسری جانب ورلڈ کپ جیتنے کے بعد بلو شرٹس نے بارباڈوس میں کھیلے گئے شو پیس ایونٹ کے فائنل میں جنوبی افریقا کو 7 رنز سے شکست دے کر 11 سال بعد یہ خوشی حاصل کی تھی۔

آسٹریلیا چیمپئنز نے انڈیا چیمپئنز کو 23 رنز سے ہرا دیا

نارتھ ہیمپٹن (این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں آسٹریلیا چیمپئنز نے انڈیا چیمپئنز کو 23 رنز سے ہرا دیا۔ نارتھ ہیمپٹن میں کھیلے گئے میچ میں آسٹریلیا چیمپئنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ کے نقصان پر 199 رنز بنائے۔ آسٹریلیا چیمپئنز کی جانب سے ڈینیئل کرسچن 69 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ شان مارش نے 41 رنز بنائے، بھارت کے کلکرنی نے دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں انڈیا چیمپئنز کی ٹیم 6 وکٹ کے نقصان پر 176 رنز بنا سکی، یوسف پٹھان 78 رنز بنا کر نمایاں رہے۔

پاکستان افغانستان میں بلائنڈ کرکٹ کے فروغ میں مدد کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بلائنڈ کرکٹ کونسل افغانستان میں بلائنڈ کرکٹ کے فروغ میں مدد کرے گا۔ پاکستان بلائنڈ کونسل کے چیئرمین سید سلطان شاہ نے بتایا کہ پاکستان کے دو کوچز آئندہ ماہ افغانستان جائیں گے۔ سید سلطان شاہ نے کہا کہ پاکستان کے کوچز افغانستان میں 35 کھلاڑیوں اور تین کوچز کو تربیت دیں گے۔

ممبئی میں ایک لاکھ تماشائیوں کی گنجائش والا کرکٹ اسٹیڈیم بنانے کا منصوبہ بندی شروع

یہ دنیا کا تیسرا بڑا کرکٹ اسٹیڈیم ہوگا اور یہ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم سے 68 کلومیٹر دور ہوگا

ممبئی (این این آئی) بھارت کی سب سے بڑی کرکٹ ایسوسی ایشن ممبئی کرکٹ ایسوسی ایشن (ایم سی اے) نے ممبئی میں ایک نیا کرکٹ اسٹیڈیم تعمیر کرنے کی منصوبہ بندی شروع کر دی جس میں ایک لاکھ شائقین کے بیٹھنے کی گنجائش ہوگی۔ بھارتی میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق ایم سی اے تھانے ضلع میں ایک نیا اسٹیڈیم تعمیر کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے، جو دنیا کا تیسرا بڑا کرکٹ اسٹیڈیم ہوگا اور یہ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم سے 68 کلومیٹر دور ہوگا۔ ایم سی اے کے ترجمان کے مطابق نئے کرکٹ اسٹیڈیم کی تعمیر کا مقصد ممبئی میں کرکٹ کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے اور شائقین اور کھلاڑیوں کو یکساں طور پر ایک جدید سہولت فراہم کرنا ہے۔ بتایا گیا کہ نیا اسٹیڈیم امانے گاؤں میں 150 ایکڑ کھلی زمین پر تعمیر کیا جائے گا۔ ایم سی اے نے مبینہ طور پر زمین کے حصول کے لئے مہاراشٹر اسٹیٹ روڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن (ایم ایس آر ڈی سی) کے ذریعہ جاری کردہ اوپن ٹینڈر جمع کرا دیا ہے اور اس پروجیکٹ کے لئے مہاراشٹر حکومت کی منظوری کا انتظار کر رہا ہے۔ نئے اسٹیڈیم کو ایم سی اے کے سابق صدر امول کالے کا ایک ڈریم پروجیکٹ بتایا جا رہا ہے، جن کا گزشتہ ماہ انتقال ہو گیا تھا۔ اس نئے اسٹیڈیم کی رپورٹ مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کی جانب سے روہت شرما، سوریہ کمار یادو، شیوم دوبے اور یشسوی جیسوال کی تقریب کے دوران ایک بڑے اسٹیڈیم کا مطالبہ کرنے کے ایک دن بعد سامنے آئی ہے۔

ویرات کوہلی کے شراب خانے کیخلاف مقدمہ درج

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے اسٹار بیٹر ویرات کوہلی کے شراب خانے کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بنگلورو پولیس نے ویرات کوہلی کی ملکیت والے ون 8 کمیون شراب خانے اور دیگر کے خلاف مقررہ وقت سے زیادہ کام کرنے پر ایف آئی آر درج کی ہے۔ ڈی سی پی سینٹرل کے مطابق شراب خانہ رات 1 جب کہ 30 منٹ تک کھلا ہوا تھا جبکہ شراب خانہ کو رات ایک بجے تک بند کرنا ہوتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس نے رات گئے علاقے میں اونچی آواز میں موسیقی بجانے کی شکایات موصول ہونے کے بعد کارروائی کی۔ اس حوالے سے پولیس افسر کا کہنا ہے کہ ہمیں رات میں اونچی آواز میں میوزک چلانے کی بھی شکایات موصول ہوئی تھیں، تحقیقات جاری ہیں، مزید کارروائی اس کے مطابق کی جائے گی۔

کرکٹ ڈھانچے کی بہتری کیلئے محسن نقوی سے سابق کرکٹرز کی ملاقات

لاہور (رپورٹ: محمد بابر) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی سے مقامی ہوٹل میں سابق کرکٹرز نے طویل ملاقات کی۔ سابق کرکٹرز نے ڈومیسٹک کرکٹ کو مضبوط بنیادوں پر کھڑا کرنے کے لیے تجاویز دیں۔ سابق کرکٹرز نے قومی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے سفارشات پیش کیں۔ کھلاڑیوں کی فٹنس اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں مایوس کن کارکردگی پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں ڈومیسٹک کرکٹ کا انفرا سٹرکچر بہتر بنانے اور 4 روزہ میچز اور انڈر 19 کے ٹورنامنٹس کرانے پر اتفاق رائے کیا گیا۔ سابق کرکٹرز نے ونٹر سیزن کے ساتھ سمر سیزن میں بھی کرکٹ ٹورنامنٹس کرانے کی تجویز دی۔ اسلام آباد، پشاور اور دیگر شہروں میں کرکٹ اکیڈمیز بنانے کی سفارشات بھی پیش کی گئیں۔ سابق کرکٹرز نے پاکستانی کوچز کے معیار اور سلیکشن کمیٹی کے اراکین پر تحفظات کا اظہار کیا۔ سابق کرکٹرز نے پاکستانی پیچز کے معیار پر بھی تحفظات کا اظہار کیا۔ سابق کرکٹرز نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی کرکٹ کی بہتری کیلئے اقدامات کو سراہا اور بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔ سابق کرکٹرز نے کہا آپ نے پہلے بھی کام کر کے دکھایا ہے۔ امید ہے کہ کرکٹ کو بھی آپ بہتر بنائیں گے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کرکٹ کی بہتری کے لئے آپ کے ساتھ مشاورتی عمل کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کرکٹ کی بہتری کیلئے جو کچھ کر سکتے ہوئے کر گزریں گے۔ 4 روزہ میچوں اور انڈر 19 ٹورنامنٹس پر فوکس کیا جائے گا۔ پاکستانی کوچز کا معیار بڑھانے کی ضرورت ہے۔ کوچز کا معیار بین الاقوامی سطح پر لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ کرکٹ کا سمر سیزن ایبٹ آباد یا ہنزہ پر منعقد کرانے کا پلان بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمرشل ازم بڑھ گیا ہے اسی لیے ڈیپارٹمنٹس کرکٹ پر سرمایہ کاری میں دلچسپی نہیں لیتے۔ کرکٹ کی بہتری کیلئے گراونڈز پی سی بی خود لے رہا ہے۔ پیچز کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کریں گے۔ انشاءاللہ سب کی مشاورت سے کرکٹ کو نچلی سطح سے بہتر بنائیں گے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے تمام تجاویز کو نوٹ کیا اور قابل عمل تجاویز پر عملدرامد کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات کرنے والے کرکٹرز میں انتخاب عالم۔ سلیم الطاف۔ سکندر بخت۔ اقبال قاسم۔ ہارون رشید۔ صادق محمد۔ شفیق پاپا۔ سلیم یوسف۔ یاسر حمید۔ یاسر شاہ۔ سرفراز احمد۔ اعجاز احمد۔ باسط علی۔ وجاہت اللہ واسطی۔ عاصم کمال۔ محمد سمیع۔ راشد خان۔ عامر ملک۔ شفقت رانا۔ عبدالروف۔ سلمان بٹ۔ اظہر خان اور اظہر محمود شامل تھے چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سلمان نصیر۔ ڈائریکٹرز ندیم خان۔ عثمان واہلہ۔ عبداللہ خرم نیازی۔ انالسٹ بلال افضل اور دیگر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

نوواک جوکووچ ومبلڈن میں تماشائیوں پر برہم

لندن (این این آئی) سربیا کے ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ ومبلڈن میں تماشائیوں پر برہم ہوگئے۔ میچ کے دوران حریف ہولگر رُونے کے سپورٹرز ان کا نام پکارتے رہے لیکن جوکووچ ہولگر رُونے کے نعروں کو اپنے خلاف سمجھ بیٹھے۔ میچ کے بعد جوکووچ نے کہا کہ رُونے کے فینز بہانے سے ان کی توہین کر رہے تھے، وہ 20 سال سے ٹینس کھیل رہے ہیں، انہیں پتا ہے یہ سب کیسے ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ 37 سالہ سربین ٹینس اسٹار نوواک جوکووچ سات مرتبہ ومبلڈن کے فاتح رہ چکے ہیں۔

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر نجیبہہ علوی اور عائشہ امجد پر جرمانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے پی سی بی ویمنز کرکٹ یونیورسٹی ٹورنامنٹ کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مرتکب پائے جانے کے بعد ایل سی ڈبلیو یو کی دو کھلاڑیوں عائشہ امجد اور نجیبہہ علوی پر جرمانہ عائد کیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ 28 مئی سے 3 جون تک منعقد ہوا تھا۔ دونوں کھلاڑیوں کا ڈریسنگ روم میں پیش آنے والا واقعہ پی سی بی کی توجہ میں آنے کے بعد پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس نے واقعہ کی تحقیقات اور کھلاڑیوں کے انٹرویو کے بعد اپنا فیصلے کے بارے میں پی سی بی کو آگاہ کیا تھا۔

دورہ سری لنکا میں روہت شرما اور ویرات کوہلی کو آرام دینے کا فیصلہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ نے دورہ سری لنکا میں روہت شرما اور ویرات کوہلی کو آرام دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روہت شرما اور ویرات کوہلی سری لنکا کے خلاف ون ڈے سیریز نہیں کھیلیں گے۔ اگست میں بھارت نے سری لنکا میں تین ون ڈے میچز کی سیریز کھیلنی ہے، جس میں فاسٹ بولر جسپریت بمرا کو بھی آرام دیے جانے کا امکان ہے۔ کے ایل راہول یا ہاردیک پانڈیا کو ون ڈے ٹیم کی کپتانی سونپے جانے کا امکان ہے۔ روہت شرما اور ویرات کوہلی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے بعد ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر چکے ہیں۔ بورڈ آفیشل نے بتایا کہ چیمپئنز ٹرافی سے قبل اسٹار کرکٹرز انگلینڈ کے خلاف سیریز کھیل کر میچ پریکٹس میں آجائیں گے، دونوں کرکٹرز ہوم سیزن میں ٹیسٹ کرکٹ کھیلیں گے۔



ٹریوس ہیڈ میجر لیگ کرکٹ میں شاٹ کھیلتے ہوئے

اولمپک گیمز سے قبل فرانسیسی ہوائی اڈوں کی مزدور یونینز کا ہڑتال کا اعلان



پیرس (این این آئی) فرانسیسی ہوائی اڈوں کی مزدور یونینز نے بونس کے تنازع پر پیرس اولمپک گیمز سے قبل ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ سی جی ٹی، سی ایف ڈی ٹی، ایف او او ر یو این ایس اے ناٹی یونینوں نے پیرس گیمز کے آغاز سے نو دن قبل 17 جولائی کو ہڑتال کا اعلان کیا ہے تا کہ تمام عملے کو اولمپکس بونس ملنے کا مطالبہ کیا جا سکے۔ پیرس کے اہم ہوائی اڈوں چارلس ڈی گال اور اورلی کو چلانے والے سرکاری گروپ اے ڈی پی کی یونینوں نے اس سے قبل 19 مئی کو ہڑتال کی کال دی تھی، جس سے فلائٹ آپریشن میں خلل نہیں پڑا تھا۔ یہ دونوں ہوائی اڈے اولمپکس میں شرکت کرنے والے غیر ملکی سیاحوں کے لیے فرانس کا مرکزی گیٹ وے ہوں گے، کھیلوں کے دوران روزانہ ساڑھے تین لاکھ افراد کے ساتھ ساتھ زیادہ تر اتھلیٹس اور ان کا سامان فرانس میں داخل ہونے کی توقع ہے۔ توقع ہے کہ 18 جولائی سے ہزاروں اتھلیٹس کی آمد شروع ہو جائے گی، جب اتھلیٹس کا اولمپک ویلج کھل جائے گا، غیر ملکی سیاحوں کی سہولت کے لیے چارلس ڈی گال ایئرپورٹ میں ایک نیا عارضی اوور سائز بیگیج ٹرمینل تیار کیا گیا ہے۔ فرانس میں سرکاری شعبے میں مزدوروں کی نمائندگی کرنے والی یونینوں نے 26 جولائی سے 11 اگست تک ہونے والے پیرس اولمپک گیمز میں کام کرنے کے لیے اضافی تنخواہ یا مدد کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس، ایئر ٹریفک کنٹرولر، کچرا جمع کرنے والے، مرکزی حکومت کے ملازمین، میٹرو اور ٹرین ڈرائیوروں کے ساتھ ساتھ فائر فائٹرز بھی نے مطالبات کیے ہیں، اور ان کے آجروں پر دباؤ ہے کہ وہ خلل سے بچنے کے لئے ہتھیار ڈال دیں۔ اولمپک گیمز کے تمغے تیار کرنے والے نیشنل نکسال کے ملازمین بھی ہڑتال پر ہیں لیکن انتظامیہ کا کہنا ہے کہ پیداوار متاثر نہیں ہوئی ہے۔

بابر اعظم کے کپتان برقرار رہنے یا نہ رہنے سے متعلق ابھی کوئی گفتگو نہیں ہوئی، محسن نقوی



لاہور (میاں شہروز) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ بابر اعظم کے کپتان برقرار رہنے یا نہ رہنے سے متعلق ابھی کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ کھلاڑیوں کے ساتھ ڈومیسٹک کرکٹ پر گفتگو ہوئی، کھلاڑیوں سے ڈومیسٹک کرکٹ کو بہتر کرنے پر مشاورت ہوئی۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ کرکٹرز نے ڈومیسٹک اسٹرکچر بہتر بنانے پر زور دیا اور کھلاڑیوں نے فٹنس پر کوئی رعایت نہ دینے کا مشورہ دیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ کوچز کے ساتھ ابھی ملاقات نہیں ہوئی ہے۔ اس دوران صحافی نے چیئرمین پی سی بی سے سوال کیا کہ بابر اعظم کپتان رہیں گے؟ اس پر محسن نقوی نے جواب دیا کہ ابھی اس پر کوئی بات نہیں ہوئی۔







بہروز سبزواری اور سفینہ شیخ کی شادی کو 38 سال ہو گئے

کراچی (این این آئی) اداکار بہروز سبزواری نے انکشاف کیا ہے کہ وہ شادی سے قبل سفینہ شیخ کیلئے 3 سے 4 مرتبہ لڑکے دیکھنے خود گئے تھے لیکن بعد میں سفینہ اور ان کا رشتہ طے ہوا۔ اداکار بہروز سبزواری حال ہی میں اہلیہ سفینہ شیخ کے ہمراہ جیو نیوز کے پروگرام 'ہنسنا منع ہے' میں شریک ہوئے تھے جس دوران میزبان تابش ہاشمی نے ان سے نجی اور پیشہ ورانہ زندگی سے متعلق کئی سوال کیے۔ شادی اور رشتوں سے متعلق سوال کے جواب میں جاوید شیخ کی بہن سفینہ شیخ نے بتایا کہ بہروز سبزواری سے رشتہ طے ہونے سے قبل میرے کئی رشتے آئے لیکن میرے والد نے کسی رشتے کیلئے ہاں نہیں کی تھی کیوں کہ وہ اس وقت میری شادی نہیں کرنا چاہتے تھے۔ اس پر بہروز سبزواری نے بتایا کہ یہ بات میں بھی کہہ سکتا ہوں کیوں کہ میں خود بھی جاوید کے ساتھ سفینہ کیلئے 3 سے 4 مرتبہ لڑکا دیکھنے گیا تھا۔ بعد ازاں سفینہ شیخ نے بہروز سبزواری سے رشتہ ہونے سے متعلق بتایا کہ 'میں ایک دوست کے گھر کھانے پر مدعو تھی وہاں مجھے کسی نے رشتے کیلئے پسند کیا اور میرے گھر رشتہ لے کر آ گئے، والد کو بھی رشتہ بے حد پسند آیا لیکن اس رشتے کی خبر جب بڑے بھائی جاوید شیخ کو ہوئی تو انہوں نے کہا کہ یہ رشتہ نہیں ہو سکتا اور کیوں نہیں ہو سکتا یہ میں گھر آ کر بتاؤں گا، اس کے بعد جاوید شیخ نے آ کر بتایا کہ انہوں نے میرا بہروز سبزواری سے کر دیا ہے'۔ بہروز سبزواری کا کہنا تھا کہ سفینہ کے والد سب کیلئے بہت سخت تھے لیکن میرے لیے ان کا ہاں کہہ دینا اس کے پیچھے کئی وجوہات تھیں کیوں کہ جاوید سے میری دوستی تھی اور وہ مجھے بہت اچھے سے جانتے تھے۔ واضح رہے کہ بہروز سبزواری اور سفینہ شیخ کی شادی کو 38 سال کا عرصہ گزر چکا ہے دونوں کا ایک بیٹا شہروز سبزواری ہے۔

منیشا کوئرالہ کا مختصر لباس نہ پہننے پر فوٹو گرافر سے ڈانٹ پڑنے کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ منیشا کوئرالہ نے انکشاف کیا ہے کہ ایک مرتبہ انہیں مختصر لباس نہ پہننے پر فوٹو گرافر سے ڈانٹ پڑی تھی۔ اداکارہ نے تازہ انٹرویو میں ماضی کے واقعے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ایک مرتبہ انہیں فوٹو شوٹ کیلئے نامی فوٹو گرافر کے پاس جانا پڑا۔ منیشا کوئرالہ نے بتایا کہ فوٹو گرافر نے انہیں پہننے کیلئے مختصر لباس دیا جس پر انہوں نے کہا کہ وہ ایسا لباس صرف سوئمنگ کیلئے پہنتی ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے فوٹو گرافر کو صاف کہہ دیا کہ اگر فلموں میں آنے کا راستہ یہی ہے تو وہ فلموں میں نہیں آئیں گی۔ منیشا کوئرالہ نے بتایا کہ ان کے مختصر لباس میں فوٹو شوٹ سے انکار پر فوٹو گرافر کو غصہ آ گیا اور انہیں بہت ڈانٹ سننے کو ملی۔ واضح رہے کہ منیشا کوئرالہ نے سبھاش گئی کی فلم 'سوداگر' سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا اور حال ہی میں انہوں نے نیٹ فلکس کی 'ہیرا منڈی' سے او ٹی ٹی ڈیبیو کیا۔

انوراگ کشیپ کی بیٹی نے امبانی خاندان کی شادی کو 'سرکس' قرار دیدیا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ ڈائریکٹر انوراگ کشیپ کی بیٹی یوٹیوبر عالیہ نے امبانی خاندان کی شادی کو 'سرکس' قرار دے دیا ہے۔ ایک میڈیا گفتگو میں عالیہ کشیپ نے انکشاف کیا کہ انہیں شادی کی تقریبات میں شرکت کی دعوت ملی تھی لیکن انہوں نے اس میں جانے سے انکار کر دیا۔ یوٹیوبر عالیہ کشیپ کا کہنا تھا کہ وہ خود کو بیچنا نہیں چاہتیں اسی لئے انہوں نے اس شادی میں شرکت نہیں کی۔ عالیہ کا کہنا تھا کہ وہ شادی کی تقریبات کو سوشل میڈیا پر دیکھ رہی ہیں اور یہ ایک شادی سے زیادہ 'سرکس' بن گئی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ امبانی خاندان انفلوئنسرز کو شادی کی تشہیر کے لیے خرید رہا ہے اور انہیں ان تقریبات سے زیادہ عزیز اپنی عزت ہے۔

مشکل وقت میں دیا مرزا نے بہت ساتھ دیا، تاپسی پنوں کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ تاپسی پنوں نے انکشاف کیا ہے کہ فلم پروڈکشن کے مشکل وقت میں اداکارہ دیا مرزا نے ان کا بہت ساتھ دیا۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ فلم بنانا آسان کام نہیں ہے اور ان کے شریک پروڈیوسر اپنے حصے کی رقم لے کر پروجیکٹ سے الگ ہو گئے تھے۔ تاپسی پنوں نے بتایا کہ فلم اگر بڑے بجٹ کی نہ ہو تو بھی فلم اسٹوڈیوز تھیٹر آنے سے قبل ہی بڑی رقم وصول کر لیتے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق تھیٹر والے صرف ایک ٹوکن رقم دیتے ہیں جبکہ وہ تشہیری مہم پر کوئی رقم بھی نہیں لگاتے ہیں۔ یاد رہے کہ تاپسی پنوں نے 2022 میں ہدایت کار ترون دودیجا کی فلم 'دھک دھک' کو پروڈیوس کیا تھا جو باکس آفس پر کامیاب نہ ہو سکی۔

رتیش دیش مکھ بھی اداکاروں کے بڑھتے معاوضوں سے تنگ آ گئے

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اسٹار اور پروڈیوسر رتیش دیش مکھ بھی اداکاروں کے بڑھتے معاوضوں سے تنگ آ گئے۔ ایک تازہ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکار کا کہنا تھا کہ فلم اور فنکاروں کی کامیابی کا انحصار اداکار کی کم فیس پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر وہ اپنے پروڈکشن کے کسی پروجیکٹ میں خود کو کاسٹ کرتے ہیں تو ایک پیسہ نہیں لیتے۔ رتیش دیش مکھ کا کہنا تھا کہ وہ خود محسوس کرتے ہیں کہ کسی بھی فلم پر اداکار کی فیس بہت زیادہ اثر ڈالتی ہے۔ اداکار نے کہا کہ فلم کی کامیابی بہت اہم ہے اور اگر ہم فلم کو بچانے میں کامیاب رہے تو سب کو بچانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یاد رہے کہ 45 سالہ اداکار نے 2003 میں فلم 'تجھے میری قسم' سے اپنے بالی ووڈ کیریئر کا آغاز کیا اور 2013 کی مراٹھی فلم 'بالک پالک' سے پروڈکشن کے میدان میں قدم رکھا۔

شاہ رخ کی 20 برس پرانی فلم دوبارہ ریلیز کی مستحق ہے، بھارتی فلمساز



ممبئی (این این آئی) بھارتی فلمساز رونی اسکروالا نے شاہ رخ خان کی 20 برس قبل سنیما اسکرین پر لگنے والی فلم کو دوبارہ ریلیز کرنے کا مستحق قرار دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق رونی اسکروالا نے 2004ء میں آشوتوش گواریکر کی ہدایت کاری اور شاہ رخ خان کی شاندار پرفارمنس پر مبنی فلم 'سوديس' کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلم کی کہانی سدا بہار اور متاثر کن ہے، فلم لگشیا اور راک اسٹار کی دوبارہ ریلیز کے بعد شائقین سودیس کی ری ریلیز کی توقع رکھتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں رونی اسکروالا نے کہا کہ سودیس اپنے وقت سے بہت آگے کی فلم تھی، وہ دوبارہ ریلیز کی مستحق ہے۔ بھارتی فلمساز نے مزید کہا کہ شاہ رخ خان کی اس فلم نے بہت سے لوگوں کو متاثر کیا، ہم نے اس وقت ایک فاؤنڈیشن بنائی تھی، جس کا نام فلم کی ریلیز کے بعد سودیس فاؤنڈیشن کر دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ فلم میں شاہ رخ خان نے ناسا کے سائنسدان کا کردار نبھایا ہے، جو دیہی ہندوستان میں واپس آ کر بجلی کا مسئلہ حل کرتا ہے، یہ کہانی آج کے نوجوان کو جوڑ سکتی ہے، جو باہر تعلیم کیلئے جاتے ہیں اور واپس وطن آنا چاہتے ہیں، یہ قوم کے جذبے اور مزاج کی نمائندہ ہے۔

پربھاس کی اگلی فلم میں جنوبی کوریا کے اسٹار ماڈونگ اہم کردار نبھائیں گے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکار پربھاس کی اگلی فلم 'اسپرٹ' میں جنوبی کوریا کے اسٹار اداکار ماڈونگ سیوک اہم کردار نبھا سکتے ہیں۔ کبیر سنگھ اور اینیمل جیسی فلموں کے ہدایت کار سندیت ریڈی وانگا کی ہدایت کاری میں بن رہی فلم 'اسپرٹ' میں پربھاس، نین تارا اور کیارا ایڈوانی مرکزی کردار نبھا سکتے ہیں۔ 53 سالہ ماڈونگ سیوک 2005ء سے فلمی دنیا سے وابستہ ہیں، انہوں نے ٹرین ٹو بوسان اور ایٹرنلز سمیت دیگر کئی فلموں میں مشہور کردار نبھائے ہیں۔ بھارتی میڈیا میں یہ خبر زیر گردش ہے کہ عالمی شہرت یافتہ اداکار پربھاس کی اگلی فلم 'اسپرٹ' میں شامل کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ناگ ایشون کی فلم 'کالکی اے ڈی 2898' کی کامیابی کے بعد پربھاس کے مداحوں کی نظریں ان کے اگلے پروجیکٹ 'اسپرٹ' پر ہیں، جسے سندیپ ریڈی وانگا ڈائریکٹ کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہدایت کار نے فی الحال فلم کی ٹیم کے حوالے سے واضح اعلان نہیں کیا ہے، تاہم جنوبی کوریا کے معروف اداکار کی فلم میں پربھاس کے مقابل کردار میں شمولیت نے شائقین کی دلچسپی اور توقعات بڑھا دی ہیں۔

مریم نفیس نے بولڈ لباس پر تنقید کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا

لاہور: (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مریم نفیس نے بولڈ لباس پر تنقید کرنے والوں کو کھری کھری سنا دیں۔ ان دنوں اداکارہ مریم نفیس شوہر کے ہمراہ لندن کے سیر سپاٹوں میں مصروف ہیں جہاں وہ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کے ذریعے مداحوں کو اپنی مصروفیات سے آگاہ رکھے ہوئے ہیں۔ گزشتہ دنوں اداکارہ مریم نفیس نے اپنے آفیشل انسٹاگرام سے اپنی چند تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں جن میں وہ مغربی لباس زیب تن کیے نظر آئیں، انہیں تصاویر میں سے ایک تصویر میں اداکارہ کو لندن کے مشہور زمانہ بریج پر بولڈ لباس زیب تن کیے آئس کریم کھاتے دیکھا جا سکتا ہے۔ تصویر پر کمنٹس کرتے ہوئے جہاں بہت سے صارفین نے مریم نفیس کی خوبصورتی کی تعریف کی وہیں ناقدین نے انہیں بولڈ لباس پہننے پر تنقید کا نشانہ بھی بنایا۔ ایک صارف نے لکھا کہ ''جب غیر ملکی افراد پاکستان آتے ہیں تو وہ یہاں کے روایتی کپڑے پہنتے ہیں اور جب پاکستانی باہر جاتے ہیں تو ان کے لباس چھوٹے ہو جاتے ہیں''۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ہونے والی تنقید پر مریم نفیس خاموش نہ رہ سکیں اور انہوں نے انسٹاگرام پر سٹوری میں اس کا منہ توڑ جواب دیا۔ مریم نفیس نے اپنی انسٹاگرام سٹوری میں غیر ملکی خواتین کے مقامی لباس پہننے کی جانب اشارہ کرتے ہوئے اس کی وجہ پاکستانی مردوں کی تاڑنے کی عادت کو قرار دیا۔ انہوں نے لکھا کہ ''اس میں کوئی فخر کی بات نہیں ہے، انہیں اپنے آپ کو ڈھکنا پڑتا ہے تا کہ آپ انہیں تاڑ تاڑ کر مر نہ

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

یورپی ممالک کو برآمدات مالی سال 2024 کے پہلے 11 مہینوں میں 3. 57 فیصد کم ہوگئیں

7. 737 ارب ڈالر تک گر گئیں ، پچھلے سال کے اسی مہینوں میں 8. 024 ارب ڈالر تھیں

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان کے جی ایس پی پلس اسٹیٹس کے باوجود یورپی ممالک کو برآمدات مالی سال 2024 کے پہلے 11 مہینوں میں 3. 57 فیصد کم ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یورپی یونین کو پاکستان کی برآمدات مالی سال 2024 کے 11 مہینوں میں 7. 737 ارب ڈالر تک گر گئیں جو پچھلے سال کے اسی مہینوں میں 024. 8 ارب ڈالر تھیں، گراوٹ کی بنیادی وجہ مغربی، جنوبی اور شمالی یورپ میں پاکستانی اشیا کی مانگ میں کمی ہے۔ مالی سال 2023 میں یورپی یونین کو برآمدات گزشتہ مالی سال کے 566. 8 ارب ڈالر سے 4. 41 فیصد کم ہوکر 188. 8 ارب ڈالر ہوگئیں تھی، مغربی یورپ، جس میں جرمنی، ہالینڈ، فرانس، اٹلی اور بیلجیم جیسے ممالک شامل ہیں، یورپی یونین کو پاکستان کی برآمدات کا سب سے بڑا حصہ بناتا ہے۔ تاہم اس خطے کی برآمدات میں 66. 8 فیصد نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، مالی سال 2024 کے پہلے 11 مہینوں میں برآمدی قدر 826. 3 ارب ڈالر رہی جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران 4. 189 ارب ڈالر تھی۔ مغربی یورپ کو برآمدات میں کمی آئی اور جنوبی اور شمالی یورپ میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، 2024 کے 11 مہینوں میں برآمدات میں 58. 11 فیصد اضافہ ہوا جو کہ 738. 57 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی، جو پچھلے سال کے اسی مہینوں میں 745. 51 کروڑ ڈالر تھی۔ جنوبی یورپ کی برآمدات میں 2024 کے 11 ماہ میں 25. 0 فیصد سے 750. 2 ارب ڈالر تک کا معمولی اضافہ دیکھا گیا جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 743. 2 ارب ڈالر تھا، اس خطے میں، اسپین کو برآمدات 2024 کے 111 ماہ میں 87. 4 فیصد بڑھ کر 333. 1 ارب ڈالر ہوگئیں جو گزشتہ سال 271. 1 ارب ڈالر تھی۔ اٹلی کو برآمدات 2024 کے 11 ماہ میں 90. 1 فیصد کم ہوکر 032. 1 ارب ڈالر رہیں، جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 052. 1 ارب ڈالر تھی۔ تاہم شمالی یورپ کو برآمدات میں 54. 1 فیصد کا معمولی اضافہ دیکھا گیا، اس خطے کی برآمدات کی مالیت 438. 58 کروڑ ڈالر رہی جو کہ پچھلے سال کی اسی مدت میں 552. 57 کروڑ ڈالر تھی۔ برطانیہ سے پہلے پاکستان کی برآمدات کا بڑا مرکز برطانیہ تھا، بریگزٹ کے بعد کی مدت میں، پاکستان کی برطانیہ کو برآمدات 2024 کے 11 ماہ میں قدرے بڑھ کر 861. 1 ارب ڈالر ہوگئیں جو پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 808. 1 ارب ڈالر تھیں، جو کہ 93. 2 فیصد کے اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد واخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل ہے۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2لاکھ 6ہزار 900 کیوسک اور اخرج ایک لاکھ 35ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 77ہزار 800 کیوسک اور اخراج 77ہزار 800 کیوسک، خیرآباد پل آمد 2لاکھ 100 کیوسک اور اخرج 2لاکھ 100 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 42ہزار 700 کیوسک اور اخراج 20ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 59ہزار 400 کیوسک اور اخراج 27ہزار 600 کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 2لاکھ 26ہزار کیوسک اور اخراج 2لاکھ 18ہزار کیوسک، چشمہ آمد 2لاکھ 24ہزار 600 کیوسک اور اخراج 2لاکھ 20ہزار 100 کیوسک، تونسہ آمد 2لاکھ 18ہزار 400 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 92ہزار 600 کیوسک، گدو آمد ایک لاکھ 70ہزار 100 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 29ہزار 500 کیوسک، سکھر آمد ایک لاکھ 15 ہزار کیوسک اور اخراج 63ہزار 900 کیوسک، کوٹری آمد 24ہزار 800 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ ہزار 000 5 کیوسک، تریموں آمد 43ہزار 000 9 کیوسک اور اخراج 28ہزار 200 کیوسک، پنجند آمد 21ہزار 900 کیوسک اور اخراج 28ہزار 200 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ آبی ذخائر میں تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1402 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1517. 35 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 996. 3 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1192. 80 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 818. 3 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638. 15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 648. 50 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 252. 0 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

12970 ارب کا ٹیکس ہدف تو پورا کرلیا جائے گا مگر سخت فیصلوں سے معیشت سکڑ جائیگی، ٹیکس ایڈوائزرز

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزر زایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ایف بی آر 12970 ارب کا ٹیکس ہدف تو پورا کرلے گا مگر سخت فیصلوں سے معیشت سکڑ جائے گی ،فنانس ایکٹ میں جو اقدامات اٹھائے گئے ہیں وہ کاروبار اور سرمایہ کاری کے لئے مشکلات پیدا کریں گے ۔ان خیالات کا اظہار صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے ٹیکس بارز کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ فنانس ایکٹ کی منظوری کے بعد تمام ایسوسی ایشنز، چیمبرز اور تاجر تنظیمیں سراپا احتجاج ہیں اور ہڑتالوں کی کال دے رہی ہیں جو ملک قوم کے لیے اچھا شگون نہیں، وزیر اعظم اور وزیر خزانہ سے اپیل ہے کہ فی الفور مشاورت کا آغاز کریں اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے فنانس ایکٹ میں تبدیلیاں کی جائیں۔ صنعتکاروں کے لیے جو پہلے ٹیکس رجیم تھا اس کو ہی بحال کیا جائے۔

شیخوپورہ میں آل پاکستان براؤن پیپرز اینڈ بورڈ مل اونرز ایسوسی ایشن کا اجلاس

بے جا ٹیکسوں، بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ اور بلیک میل کیئے جانے کے خلاف 10 روز کے لیے ملوں کو بند کرنے کا فیصلہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں منعقدہ آل پاکستان براؤن پیپرز اینڈ بورڈ مل اونرز ایسوسی ایشن کے اجلاس میں بے جا ٹیکسوں، بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ اور بلیک میل کیئے جانے کے خلاف 10 روز کے لیے ملوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس اجلاس میں پنجاب کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور جنرل کونسل کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجلاس میں حالیہ بجٹ اور بجلی کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ کے باعث براؤن پیپرز اینڈ بورڈ ملوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا اجلاس کے بعد چیئرمین آل پاکستان براؤن پیپرز اینڈ بورڈ مل اونرز ایسوسی ایشن سید ابرار شاہ نے کہا کہ ہم نے احتجاجی طور پر اگلے 10 روز کے لیے اپنی فیکٹریوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے ان ملوں میں ہمارے خاندانوں کے ساتھ ساتھ لاکھوں مزدوروں اور ہنر مندوں کا روزگار چل رہا ہے مگر ہم حکومت کے ظالمانہ ٹیکسوں اور بجلی کی قیمتوں میں ناقابل برداشت اضافہ کی وجہ سے 10 روز کے لیے ملوں کو بند کرنے پر مجبور ہوئے ہیں اگر ان 10 روز میں ہمارے مطالبات پورے نہ کیئے گئے تو غیر معینہ مدت تک کے لیے ملوں کو بند کر دیا جائے گا حکمرانوں نے پیپر انڈسٹری کو ریلیف دینے کا وعدہ کیا تھا جو پورا نہ کیا گیا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر کاغذ کی امپورٹ پر پابندی عائد کی جائے تا کہ مقامی کاغذ کی مارکیٹ کو فروغ ملے ہم خوشی سے ہڑتال نہیں کر رہے بلکہ مجبوری کے عالم میں اس راستے پر چلے ہیں انہوں نے بتایا کہ شیخوپورہ میں ہونے والے اجلاس میں پنجاب بھر سے براؤن پیپرز اینڈ بورڈ مل مالکان نے شرکت کی بدھ کو کے پی کے کے مل مالکان کا اسلام آباد میں اجلاس ہو رہا ہے جس کے بعد کراچی میں ایسوسی ایشن کا اجلاس ہوگا حکومت نئے لوگوں کو ٹیکس نیٹ ورک میں لانے کی بجائے پہلے سے ٹیکس دینے والوں پر بوجھ بڑھا رہی ہے جو ہمیں منظور نہ ہے۔

وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان قابل ایڈمنسٹریٹر ہیں، خواجہ عامر جاوید

فراز اکرم اعوان کی قائدانہ صلاحیتوں کے معترف ہیں، محمد عمر بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) وائس چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیر پورٹ فراز اکرم اعوان سے سمیر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید روزنامہ قوت، محمد عمر بٹ و سمبڑیال پریس کلب ممبر میاں شرف قادری کی ملاقات۔ اس دوران نومنتخب وائس چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیر پورٹ فراز اکرم اعوان کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ اہم عہدہ میرے لئے باعث عزت وافتخار ہے کہ سیال وائس چیئرمین منتخب ہوا اس میں سابقہ سمیر وائس پریذیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میرے بھائی وقاص اکرم اعوان کی بھرپور کاوشیں شامل ہیں یہ کریڈٹ انہی کو جاتا ہے اور کوشش ہوگی کہ اپنے عہدے کیساتھ بھرپور انصاف کرتے ہوئے فرائض منصبی انجام دہی کروں۔ وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان نے کہا کہ احباب کی نیک خواہشات کے شکر گزار ہیں اور انشاء اللہ بزنس کمیونٹی کے پرائیویٹ سیکٹر کے پہلے سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیر پورٹ کو مزید ترقی کی منازل طے کرانے میں اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے گا۔

حمزہ اللہ دتہ میٹرک امتحان میں علاقے بھر کے سکولوں میں ٹاپ

''دی فارقلیط سکول سسٹم راجووال'' کے طالب علم نے 1075 نمبرز حاصل کئے



الہ آباد (نامہ نگار) محنت کبھی بھی کسی کا حق نہیں رکھتی کامیابی ایک ایسا راستہ ہے جو محنت سے ہو کر گزرتا ہے یہ اس انسان کا مقدر بنتی ہے جو کبھی ہمت نہیں ہارتے محنت اور لگن سے ہی فیصلوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکتا ہے اور کامیابی ہمیشہ ایسے ہی پر عزم لوگوں کے قدم چومتی ہے جنہیں اپنی منزل کو پانے اپنے خوابوں کے شرمندہ تعبیر ہونے پر پورا یقین ہوتا ہے کامیابی کی جستجو اور اپنے شاگردوں کو ہمیشہ اپنا بیٹا سمجھ کر محنت کروانے اور منزل پر قدم بہ قدم پہنچنے والوں میں ایک شخصیت سر جنید صاحب اور سر کاشف صاحب کی بھی ہے جو ''دی فارقلیط سکول سسٹم راجووال'' کے پرنسپل ہیں انہوں نے اپنی محنت اور کاوشوں سے تعلیم کی ترویج کو بہت تیزی سے آگے بڑھایا انہیں کے سکول کا ایک ہونہار طالب علم اور جناب چوہدری اللہ دتہ جٹ آف عظیم پورہ کے بیٹے حمزہ اللہ دتہ نے اپنی محنت اور لگن سے میٹرک کا امتحان پاس کر کے اپنے سکول اور علاقے کے تمام سکولوں کو 1075 نمبر لے کر ٹاپ کیا ہے یہ ساری محنت کا نتیجہ والدین اور استاد کی ہی مرہون منت ہے، بہت بہت مبارک ہو

شہدا کربلا کی لازوال قربانیوں کی یاد میں مجالس کا سلسلہ جاری

امام حسین ؓ کا ذکر قیامت تک جاری رہے گا، علما و ذاکرین

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) امام بارگاہوں میں شہدا کربلا کی لازوال قربانیوں کی یاد میں مجالس کا سلسلہ شب و روز جاری ہے ملک کے نامور علمائے کرام اور ذاکرین حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے رفقا کے فضائل و مصائب بیان کر رہے ہیں ان کا کہنا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کا ذکر قیامت تک جاری رہے گا کیونکہ وہ حق پر تھے جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں، عزاداروں کی کثیر تعداد نے مجالس سننے اور امام حسین علیہ السلام کو پرسہ دینے کے لیے امام بارگاہوں کا رخ کر لیا ہے جن میں بڑے بچے نوجوان شامل ہیں امام بارگاہ گلشن زہرہ، مرکزی امام بارگاہ جعفری بلڈنگ اور امام میں مجالس کا انعقاد کیا گیا

سٹی پریس کلب کے سینئر نائب صدر ظہیر ارشد مغل کی صاحبزادی سمن ارشد کی میٹرک کے امتحان میں نمایاں پوزیشن

نارنگ منڈی (نامہ نگار) سٹی پریس کلب کے سینئر نائب صدر ظہیر ارشد مغل کی صاحبزادہ ہونہار طالبہ سمن ارشد نے میٹرک کے امتحان میں 1114 نمبر حاصل کر کے علاقہ بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کی اس موقع پر سٹی پریس کلب نارنگ انجمن تاجران اور انجم شہریاں کی جانب سے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ممبران کا کہنا تھا کہ امید ہے کہ سمن ارشد آئندہ بھی یہ اعزاز برقرار رکھتے ہوئے علاقہ اور والدین کا نام روشن کرے گی اور ملکی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔

ریسکیو 1122 چنیوٹ کے میڈیا کوآرڈینٹر عابد حسین کی اہلیہ اور بیٹے کی وفات پر تعزیت

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 چنیوٹ کے میڈیا کوآرڈینٹر عابد حسین کی اہلیہ اور بیٹے کی وفات پر ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کے چیئرمین اقبال حسین پیرزادہ صدر چوہدری عثمان حیدر آرائیں جنرل سیکرٹری گلزار احمد ولہ رائے سیکرٹری اطلاعات شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی، چیئرمین مجلس عاملہ شفیق احمد، ایگزیکٹو ممبران رانا عارف علی، فرحان علی قاضی، رانا وقاص احمد کاوش، سلمان خان، خالد محمود پیرزادہ، ملک احسان الٰہی حسرت سمیت دیگر صحافیوں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کیلئے دعائے مغفرت کی۔

جہلم آٹے کی قیمتوں کو حکومتی احکامات کے مطابق رکھا جائے، ڈی سی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم آٹے کی قیمتوں کو حکومتی احکامات کے مطابق رکھا جائے اور سپلائی میں کسی قسم کی کمی نہیں آنی چاہیے فلور ملز ایسوسی ایشن کے تمام مسائل حل کریں گے یہ بات ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے فلور ملز ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ اجلاس میں کہی، ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے ڈی سی جہلم کو ملوں کو دیئے جانے والے گندم کے کوٹے اور مارکیٹ میں آٹے کی سپلائی پر تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے کہا حکومت پنجاب کے پاس گندم کے بیش بہا ذخائر موجود ہیں اور قانون کے مطابق تمام ملوں کو ان کا کوٹہ فراہم کیا جائے گا اس لئے مارکیٹ میں آٹے کی مصنوعی قلت ہرگز پیدا نہیں ہونے دیں گے۔

گورنمنٹ ہائی سکول فار بوائز احمد آباد کا شاندار اور تاریخ ساز رزلٹ

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ہائی سکول فار بوائز احمد آباد کا شاندار اور تاریخ ساز رزلٹ میٹرک کا مجموعی رزلٹ 87٪ رہا ریحان بیگ رولنمبر 468398 نے 1092، نعمان جاوید رولنمبر 468361 نے 1092 نمبر حاصل کر کے سکول میں مشترکہ طور پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ نعمان علی رولنمبر 468342 نے 1063 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن اور محمد علی رولنمبر 468224 نے 1056 نمبر حاصل کر کے سکول میں تیسری پوزیشن حاصل کہ شہری سیاسی، سماجی اور مذہبی حلقوں نے سکول پرنسپل عبدالمنان بٹ اور سکول سٹاف کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کامیاب سٹوڈنٹس کے والدین کو مبارکباد پیش کی

سب ایک کیلئے امداد باہمی فارمولا مساوی ہے، محمد خالد وسیم

کوآپریٹو ادارے مضبوط بنائے جائیں۔ صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کیلئے کوآپریٹو اداروں کو مضبوط بنانا ہوگا امداد باہمی کا فارمولا ہے ایک سب کے لیے سب ایک کے لیے اس فارمولے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے وقت کی ضرورت ہے کہ کوآپریٹو اداروں کو مضبوط بنایا جائے اور مضبوط اسی صورت میں ہو سکتے ہیں کہ باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے اور معشیت کی مضبوطی کے لیے امداد باہمی کے سنہری اصولوں کو اپنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے امداد باہمی کے عالمی دن کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے زیر اہتمام اتحاد گروپ کی جانب سے عالمی کوآپریٹو ڈے کے موقع پر کیک بھی کاٹا گیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو ترقی کے راستوں پر گامزن کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی ہمارے فیملی کی طرح ہیں ہمارا نعرہ ہے وی آر فیملی اس نعرے پر ہم عمل پیرا ہیں اور اللہ تعالی کے فضل و کرم سے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی ادارہ پنجاب بھر میں ایک مثالی ادارہ بن چکا ہے اس موقع پر ملک پاکستان کی سلامتی اور کوآپریٹو اداروں کی مضبوطی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

قلعہ احمد آباد دی سٹار اکیڈمی احمد آباد کی طالبہ کی گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول احمد آباد میں پہلی پوزیشن

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد دی سٹار اکیڈمی احمد آباد کی طالبہ کی گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول احمد آباد میں پہلی پوزیشن۔ تفصیلات کے مطابق دی سٹار اکیڈمی احمد آباد کی ہونہار طالبہ عروج فاطمہ دختر غلام نقشبند رول نمبر 556513 نے 1099 نمبر حاصل کر کے میٹرک کہ امتحان میں گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول احمد آباد میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ طالبہ نے بتایا کہ میری کامیابی کا سہرا ماہر تعلیم سر نیاز حسین کے سر ہے جنہوں نے ہمیں نہایت جانفشانی محنت اور لگن سے پڑھایا اور ہماری ہر مضمون میں مکمل رہنمائی کی انہوں نے ہمیں پیپر پیٹرن اور طریقہ امتحان کے بارے میں بتایا جس سے ہمیں بہت فائدہ ہوا اور ان کی وجہ سے ہی انگریزی کے مضمون میں میرے 75 میں سے 72 نمبر آئے۔ اہل علاقہ نے اکیڈمی کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور ڈائریکٹر اکیڈمی باسط محمود پرنسپل میڈم سعدیہ اور سر نیاز حسین ماہر تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر اساتذہ اور طلبہ اور طلباء کے والدین کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ایس ایچ او مدینہ ٹاؤن مہر گلزار حسین سپرا کی شاندار کارروائی

بھاری مقدار میں اسلحہ کی کھیپ پکڑ لی، 16 بارہ بور ریپیٹر، 9 پسٹل سمیت چار ملزمان گرفتار

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ایس ایچ او مدینہ ٹاؤن مہر گلزار حسین سپرا کی شاندار کارروائی، ایس ایچ او مہر گلزار حسین نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں اسلحہ کی کھیپ پکڑ لی، 16 بارہ بور ریپیٹر، 9 پسٹل تیس بور، سینکڑوں گولیاں، کارتوش، سمیت چار ملزمان بھی گرفتار کر لئے، پکڑا جانے والا اسلحہ قبضہ میں لیکر چاروں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے حوالات منتقل کر دیا، ایس ایچ او مدینہ ٹاؤن مہر گلزار حسین سپرا کی شاندار کارروائی پر پی او فیصل آباد نے ایس ایچ او کو ٹیم سمیت شاباش دی اور کہا محرم الحرام کے بابرکت مہینے میں تھانہ مدینہ ٹاؤن پولیس نے اسلحہ کی اتنی بڑی ترسیل ناکام بنا کر اعزاز والی کارروائی کی ہے ہمیں فخر ہے کہ ہمارے جوان ذمہ داری کے ساتھ ڈیوٹی فرائض انجام دے رہے ہیں۔

نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھی گورنمنٹ آف پاکستان کے زیر اہتمام ڈی ایچ ایم ایس کے امتحانات مکمل

سینئر ہومیوپیتھک ڈاکٹر طاہر رشید سیال لیکچرار چناب ہومیوپیتھک میڈیکل کالج نے بطور سنٹر سپریٹنڈنٹ فرائض سرانجام دیئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھی گورنمنٹ آف پاکستان کے زیر اہتمام ڈی ایچ ایم ایس کے سالانہ امتحانات مکمل ہو گئے۔ نیشنل کونسل کی طرف سے چنیوٹ میں بھی نشتر ہومیوپیتھک میڈیکل کالج میں امتحانی سنٹر قائم کیا گیا۔ اس سنٹر پر سینئر ہومیوپیتھک ڈاکٹر طاہر رشید سیال لیکچرار چناب ہومیوپیتھک میڈیکل کالج نے بطور سنٹر سپریٹنڈنٹ فرائض سرانجام دیئے۔ دس روز تک جاری رہنے والے ان امتحانات میں چنیوٹ سنٹر پر سینکڑوں طلبا نے حصہ لیا۔ تھیوری امتحانات کے ساتھ ساتھ پریکٹیکلز اور وائیوا کا بھی اہتمام ہوا۔ اس موقع پر سنٹر سپریٹنڈنٹ ہومیوپیتھک ڈاکٹر طاہر رشید سیال، پرنسپل نشتر کالج ہومیو ڈاکٹر ظفر اقبال سیال، لیکچرار نشتر کالج ہومیو ڈاکٹر چوہدری عبدالستار شریف اور ایڈمن نشتر کالج ہومیو ڈاکٹر ظفر اقبال نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں طلبا پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم و تربیت پر اور زیادہ زور دیں۔ دوران تعلیم زیادہ سے زیادہ اساتذہ سے رابطہ میں رہیں تا کہ ڈاکٹر بننے کے بعد ملک و قوم کی بہتر سے بہتر خدمت کر سکیں

جہلم جی ٹی روڈ کی خستہ حالی پر محکمہ این ایچ اے اور دیگر متعلقہ اداروں کا نوٹس نہ لینا لمحہ فکریہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جی ٹی روڈ کی خستہ حالی پر محکمہ این ایچ اے اور دیگر متعلقہ اداروں کا نوٹس نہ لینا لمحہ فکریہ ہے جی ٹی روڈ اس وقت کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے جگہ جگہ گہرے گڑھے پڑ چکے ہیں، ٹریفک کی روانی اور لوڈ گاڑیوں سے مسائل اور ذرا سی بارش ہونے کے بعد جی ٹی روڈ تالاب کا منظر پیش کرنے لگتی ہے، دریائے جہلم پل سے راولپنڈی تک جی ٹی روڈ انتہائی خستہ حالی کا شکار ہو چکی ہے، اس حوالے سے جی ٹی روڈ پر روزانہ کی بنیاد پر سفر کرنے والے مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے، کہ حکومت جی ٹی روڈ پر سفر کرنے والوں سے ٹیکسز کی مد میں روزانہ لاکھوں روپے وصول کرتی ہے، لیکن جی ٹی روڈ کی تعمیر و مرمت کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جا رہی جس کی وجہ سے شہریوں کی قیمتی گاڑیاں کھٹارہ بنتی جا رہی ہیں، حکمران افسران کو لگژری گاڑیاں مہیا کر رہے ہیں، جبکہ عوام سے گاڑیوں کی سہولت چھیننے کے لیے سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبے بند کر دیئے گئے ہیں جس کی وجہ سے شہریوں کو روزانہ کی بنیاد پر بھاری نقصان اٹھانا پڑتا ہے، شہریوں نے چیف جسٹس آف پاکستان، وزیر اعظم پاکستان، چیئرمین این ایچ اے سے جہلم تا راولپنڈی جی ٹی روڈ کی تعمیر کا مطالبہ کیا ہے۔

اوکاڑہ امریکہ پلٹ دولہے کی ماں کا ہینڈ بیگ چوری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ مینہ طور پر امریکہ پلٹ دولہے کی ماں کا ہینڈ بیگ چوری ہوگیا۔ مقامی مارکی میں ولیمے کی تقریب تھی بیگ میں 30 لاکھ روپے مالیت کی نقدی اور طلائی زیورات بتائے گئے ہیں دعوت ولیمہ کی تقریب میں دیگر مہمان بھی شامل تھے۔ تفصیلات کے مطابق چک نمبر 40 تھری ار کے رہائشی مبینہ امریکہ پلٹ نوجوان کا 3/4 یوم قبل بائی پاس اوکاڑہ پر واقع ایک مارکی میں ولیمہ کی تقریب تھی جہاں سے نامعلوم ملزمان دولہے کی ماں بخت نواز کا ہینڈ بیگ۔ جس میں 12 لاکھ روپے نقدی۔ 8 تولے طلائی زیورات تھے کوئی چوری کر کے لے گیا دولہا کی ماں نے شک ظاہر کیا ہے کہ مارکی مالکان نے اپنے ورکروں کے زریعے اس کا قیمتی ہینڈ بیگ چوری کیا ہے۔ پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے دولہے کے ماموں کی درخواست پر مقدمہ نمبر 1969/24 درج رجسٹرڈ کر کے تفشیش شروع کر دی ہے۔

مرکز اہلسنت جامع الفاروق وینیکے روڈ حافظ آباد میں دس روزہ شہدائے کربلاؓ کانفرنس کا آغاز

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مرکز اہلسنت جامع الفاروق وینیکے روڈ حافظ آباد میں دس روزہ شہدائے کربلاؓ کانفرنس کا آغاز کر دیا گیا۔ جس میں ملک کے معروف علماء و خطباء خطاب کریں گے۔ اس سلسلہ میں گذشتہ روز علامہ پیر حسنات احمد چشتی آف راولپنڈی نے خطاب کیا۔ اور شہدائے کربلاؓ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انکی لازوال قربانیوں پر روشنی ڈالی۔

جرم و سزا



پولیس تھانہ موچی والا نے مقتول محمد رمضان کے قاتلوں کو گرفتار کر لیا

ملزمان سے آلہ قتل دو عدد پسٹل بھی برآمد کر لئے گئے، ملزمان نے خاندانی رنجش کی بنا پر قتل کیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس تھانہ موچی والا نے مقتول محمد رمضان کے قاتلوں کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے آلہ قتل دو عدد پسٹل بھی برآمد کر لئے گئے۔ ملزمان نے خاندانی رنجش کی بنا پر قتل کیا۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 17 جون عیدالاضحی کے دن چک نمبر 181 ج ب علاقہ تھانہ موچی والا میں محمد رمضان کے قتل کا واقعہ پیش آیا۔ ملزمان نے فائر پسٹل سے مقتول محمد رمضان کو قتل کیا اور موقع سے فرار ہو گئے، جبکہ ملزمان کی فائرنگ سے احسان اللہ اور شمیم اختر مضروب ہوئے۔ پولیس تھانہ موچی والا نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کیا۔ میڈیا نمائندگان سے بات کرتے ہوئے ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ کا کہنا تھا کہ مقتول کی بیٹی قراۃ العین کی مدعیت میں چار کس ملزمان کے خلاف تھانہ موچی والا میں مقدمہ درج رجسٹر کیا گیا۔ ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے ایس پی انوسٹی گیشن کی زیر نگرانی، ڈی ایس پی صدر سرکل، ایس ایچ او تھانہ موچیوالا عنصر عباس سپرا اور تفتیشی افسران پر مشتمل ٹیم تشکیل دی۔ تفتیشی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی بروئے کار لاتے ہوئے، سخت محنت اور ہیومن انٹیلی جنس سے مقتول محمد رمضان کے قتل میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں فیصل حیات، محمد ابراہیم اور صدام حسین شامل ہیں جبکہ ملزم شوکت حیات ضمانت عبوری پر ہے۔ ملزمان سے آلہ قتل 2 عدد پسٹل بھی برآمد کئے گئے ہیں۔ وجہ عناد یہ کہ ملزمان نے خاندانی رنجش کی بنا پر محمد رمضان کو قتل کیا۔ قتل کے مقدمہ میں سخت محنت سے ملزمان کی گرفتاری پر ایس ایچ او تھانہ موچی والا اور تفتیشی افسران کو شاباش دیتے ہوئے ایس پی انوسٹی گیشن کا مزید کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کی روشنی میں منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا۔

ایس ایچ او تھانہ نارنگ نے تھانہ نارنگ کا چارج سنبھال لیا

کسی بھی علاقے کو کرائم فری بنانا بہت بڑا چیلنج ہوتا، انسپکٹر شاہ فیصل

نارنگ منڈی (نامہ نگار) ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر شاہ فیصل نے تھانہ نارنگ کا چارج سنبھال لیا اس موقع پر سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ شیخوپورہ پولیس ڈی پی او شیخ بلال ظفر کی قیادت میں جرائم کے خاتمے کیلئے مثالی کردار ادا کر رہی ہے کسی بھی علاقے کو کرائم فری بنانا بہت بڑا چیلنج ہوتا ہے لیکن شہریوں کے تعاون سے سب کچھ ممکن ہے شہری پولیس کے دست و بازو بنیں جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس اور

"قوت" کلاسیفائیڈ
قوت
QUWAT DAILY NEWSPAPER
محاذ کے محاذ کی ساعت کی ساعت کو برداہ راست
سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر نشر کیا گیا۔ ساعت کے آغاز پر وکلاء کے ایک گروپ نے کمرہ عدالت میں کرسیوں کو الٹ دیا۔ وکلاء نے کہا کہ جس مقصد کیلئے وہ آئے تھے وہ پورا نہیں ہوگا، 15 منٹ میں جواب الجواب مکمل کریں گے، آرٹیکل 218 کے تحت دیکھنا ہے کیا الیکشن کمیشن نے اپنی ذمہ داری شفاف طریقے سے ادا کی یا نہیں؟ شبہات پیدا ہوئے کہ گورنر الیکشن کمیشن کے اختیارات میں ایک سال میں 59 کروڑ 19 لاکھ 16 ہزار کا اضافہ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کو مخصوص نشستیں نہیں دی جا سکتیں، موقف اپنایا گیا کہ جنرل کونسل نے اپنی ذمہ داری نبھائی مگر الیکشن کمیشن نے اپنی ذمہ داری شفاف طریقے سے ادا نہیں کی، کیا یہ کہنا درست ہے کہ گورنر الیکشن کمیشن کے اختیارات میں ایک سال میں 59 کروڑ 19 لاکھ 16 ہزار کا اضافہ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کو مخصوص نشستیں نہیں دی جا سکتیں، موقف اپنایا گیا کہ جنرل کونسل نے اپنی ذمہ داری نبھائی مگر الیکشن کمیشن نے اپنی ذمہ داری ادا نہیں کی؟ شبہات پیدا ہوئ

2 جولائی کا دھرنا عوام کو حکومت کے ظلم سے نجات دلائے گا: ضیاالدین انصاری

حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے اس وقت عوام سخت مشکل حالات سے گزر رہی ہے۔ عام آدمی کے لیے گھر چلانا مشکل ہو چکا ہے

عوام ظلم کے نظام، ظالمانہ ٹیکسوں، بھاری بلوں، بدترین مہنگائی سے نجات کیلئے جماعت اسلامی کا بھرپور ساتھ دیں، پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 12 جولائی کو جماعت اسلامی لاہور کا اسلام آباد میں عوام کے حقوق کی ترجمانی کیلئے حافظ نعیم الرحمن دھرنا کی قیادت کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی امیر خالد احمد بھٹی اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری نے کہا کہ لاہور سے دھرنے میں ہزاروں لوگ شریک ہوں گے جس کیلئے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 34



لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری دھرنے کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حضرت عمرؓ کا طرز حکمرانی اقوام عالم کیلئے مشعل راہ ہے، سنی علما کونسل

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عہد خلافت اسلام کا سنہری باب ہے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حضرت عمرؓ کا طرز حکمرانی اقوام عالم کیلئے مشعل راہ ہے، سیدنا فاروق اعظمؓ کی ساری زندگی، جہاد اور حق وباطل میں فرق وامتیاز سے عبارت رہی ہے،

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 36

ملک میں آئین قانون، جمہوریت دور تک نظر نہیں آ رہے، جے یو آئی (س)

بگلی بلوں نے عوام سے سکھ چین چھین لیا، آخر یہ بم کورٹ عوامی الٹیموٹم پر کب سو موٹو ایکشن لے گی؟

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلیٰ مولانا ابو ہب خان مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین ناظم اعلیٰ اور مولانا طیب حقانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری رحمت اللہ اشاری ودیگر نے کہا کہ ملک میں آئین قانون اور جمہوریت دور تک نظر نہیں آ رہے، بجلی بلوں نے عوام سے سکھ چین چھین لیا ہے آخر سپریم کورٹ عوامی الٹیموٹم پر کب سو موٹو ایکشن لے

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 37

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کا دورہ چوپل پولیس سٹیشن کا

چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور سیف سٹی اتھارٹی کے مابین بہتر تعاون کیلئے فوکل پرسنز مقرر

مینجنگ ڈائریکٹر اور ڈی آئی جی سیف سٹی حسن یونس نے چیئرپرسن سارہ احمد کا استقبال کیا

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور سپرنٹنڈنٹ پولیس سٹیشن کے کام کے حوالے سے ڈائریکٹر اور ڈی آئی جی سیف سٹی حسن یونس نے چیئرپرسن سارہ احمد کا استقبال کیا۔ چیئرپرسن سارہ احمد کو دورہ چوپل پولیس سٹیشن کے کام کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے دورہ چوپل پولیس سٹیشن لاہور کا دورہ کیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر اور ڈی آئی جی سیف سٹی حسن یونس نے

باقی صفحہ چیئرنمبر 47

وزیراعلیٰ پنجاب کا ویژن، پنجاب بھر میں منظم ٹریفک کا حصول

ایک ہفتے میں 3 لاکھ 36 ہزار سے زائد شہریوں کو چالان ٹکٹ جاری

ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی بہتر روانی ٹریفک کو شاں ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کا ویژن ،پنجاب بھر میں منظم ٹریفک کا حصول، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی پاسداری وٹریفک کی بہتر روانی کیلئے کوشاں ہیں،

گزشتہ ایک ہفتے میں صوبہ بھر میں 3 لاکھ 36 ہزار سے زائد شہریوں کو چالان ٹکٹ جاری کیے گئے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق صوبہ بھر میں ان

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 46

جسٹیہ جیمپئن اوپن بارٹ سرجری کے باوجود انسداد دہشتگردی کی عدالت میں پیش ہوئے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما جسٹیہ اقبال چیمہ اوپن بارٹ سرجری ہونے کے باوجود انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹیہ اقبال چیمہ اپنی اہلیہ سرت جسٹیہ چیمہ کے ہمراہ عدالت میں پیش

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 48



کراچی، صوبائی وزیر سعیدغنی اور پارٹی قیادت کا نفرس کے زیر اہتمام نکالی گئی احتجاجی ریلی میں شریک ہیں

کراچی میں شدید حبس اور گرمی کے بعد بارش، موسم خوشگوار

اب کراچی میں 20 جولائی تک تیز بارش کا امکان نہیں،

کراچی کے موسم سے متعلق محکمہ موسمیات کا موقف تبدیل

کراچی (این این آئی) شہر کا مدن مون سون کی بارشوں کا آغاز ہوگیا، محکمہ موسمیات کے مطابق منگل کو صدر، برنس روڈ، گلستان جوہر، گلشن اقبال، شاہراہ فیصل سمیت شہر بھر میں کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش شروع ہوئی۔ مظفر آباد اور ہوسے کے ساتھ ساتھ ہوسے میں بھی چلے گئیں جس سے موسم خوشگوار ہوگیا اور گرمی کی شدت میں کمی آگئی۔ دوسری جانب کراچی کے موسم سے متعلق محکمہ موسمیات نے اپنے موقف کو تبدیل کر لیا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا کہ اب

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 49

دودھ کے نام پر سفید جعلی محلول فروخت کرنے والا عادی مجرم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

سلیم ڈائری فارم، ریسٹ ڈکی دکان میں آگ لگی پاؤڈر سے ملتی دودھ جیسی سفید رنگ کی چیز برآمد

10 لاکھ 53 ہزار لیٹر سے زائد دودھ کی چینکنگ، 6 ہزار 380 لیٹر دودھ ملتے کیا گیا عام ملاوٹ دودھ

لاہور (نیوز رپورٹر) دودھ کے نام پر سفید مضر صحت محلول فروخت کرنے والا عادی مجرم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ ڈی جی خوراک اتھارٹی عاصم جاوید نے سربراہی میں ڈیری سٹی ٹیموں نے نہر گاؤں بند باں روڈ پر

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 45

صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر سے سیکرٹری لیبر نعیم غوث کی ملاقات

لیبر اور مسلک ڈیپارٹمنٹس میں مزدوروں کی فلاح، بہبود کے کاموں اور مستقبل کے منصوبہ جات بارے تفصیلی بات چیت

لیبر ڈیپارٹمنٹ میں ڈیجیٹائزیشن کے منصوبہ جات شروع کریں گے، فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر سے ان کے چیمبر میں سیکرٹری لیبر نعیم غوث نے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں لیبر اور مسلک ڈیپارٹمنٹس میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کے

جاری اور مستقبل کے منصوبہ جات بارے تفصیلی بات چیت کی گئی۔ سیکرٹری لیبر نے لیبر ڈیپارٹمنٹ میں سروس ڈیلیوری کے معیار کو بہتر بنانے اور محکمہ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 44



ایڈیشنل آئی جی، مظفر ایڈیشنل ریاض مذیر گاڑا، اراکین نارووال کمیونٹی کے سینئر سیکرٹری مذار تکوک و دیگر پنجاب پولیس کے خاتون اپ گریڈیشن پر مختی خصوصی کتاب تھانے پنجاب پر پیش کر رہے ہیں

پاکستان مسلم لیگ کونسل کے زیر اہتمام محترمہ فاطمہ جناح کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کونسل کے زیر اہتمام محترمہ فاطمہ جناح کے حوالے سے لاہور میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت مسلم لیگ کونسل کے مرکزی صدر و ساتھ پارلیمنٹیرین چوہدری نعیم بشیر خٹھے نے کی جبکہ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 50

جیکب آباد کے حسن اور سول اسپتال میں صحت کی سہولیات کے فقدان کی شکایت

صدر مملکت نے نوٹس لے لیا، ایوان صدر سے سیکریٹری صحت کو مراسلہ جاری

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد کے حسن اور سول اسپتال میں صحت کی سہولیات کے فقدان کی شکایت پر صدر مملکت نے نوٹس لے لیا، ایوان صدر کے مراسلہ جاری، سیکریٹری صحت کو مراسلہ جاری، تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے ماہی رہنما عبدالرحیم سوشل فورم کے چیئرمین

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 61



لاہور ہرنمبالی ٹی آئی جسٹیہ ابوالحسنات چیمہ عدالت پیشی کے لئے آرہے ہیں

امریکی ریاست ٹیکساس میں طوفان، 2 افراد ہلاک

دونوں اموات ہیریس کاؤنٹی میں گھر پر درخت گرنے سے ہوئیں، امریکی میڈیا

ٹیکساس (این این آئی) امریکی ریاست ٹیکساس اور بارشوں سے اموات ہیوسٹن شہر میں ہوئیں، دونوں اموات میں ہیرس کاؤنٹی میں گھر پر درخت کی زد میں آنے سے ہوئی۔ امریکی میڈیا کے مطابق طوفان

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 62

ایران میزائل کی پیداوار بڑھانے لگا، سیٹلائٹ تصاویر پر مبنی رپورٹ

سیٹلائٹ تصاویر تہران کے قریب میزائل کی تیاری کے لیے 30 نئی عمارتیں دکھاری ہیں، مختلف

تہران (این این آئی) سیٹلائٹ تصاویر پر مبنی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ ایران میزائل کی پیداوار بڑھا رہا ہے۔ سیٹلائٹ تصاویر میں ایران میزائل کی پیداوار بڑھانے کے لیے 30 نئی عمارتیں دکھائی دیتی ہیں۔ رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے کہ ایران میزائل بڑھانے کے لیے 30 نئی عمارتیں دکھائی دیتی ہیں۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ ایران میزائل پیداوار بڑھانے کے لیے 30 نئی عمارتیں دکھائی دیتی ہیں۔ اس کی تصدیق تین سینئر ایرانی حکام نے بھی کی ہے۔ دونوں تخمینیات کی توسیع اکتوبر

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 64

حضرت داتا گنج بخشؒ کے دربار کے 981 واں سالانہ غسل مبارک کی تقریب 9 محرم الحرام کو ہوگی، ڈی جی اوقاف

غسل مبارک کی تقریب میں وفاقی وصوبائی حکومتوں کی اہم شخصیات شرکت کریں گی، خالد محمود سندھو کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (نیوز رپورٹر) حضرت داتا گنج بخشؒ کے عرس کی تقریبات کا آغاز دربار کے غسل مبارک سے کیا جائے گا، دربار کے 981 واں سالانہ غسل مبارک کی تقریب 9 محرم الحرام 16 جولائی بروز منگل کو ہوگی، غسل مبارک کی تقریب میں وفاقی اور

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 65



لاہور ڈائریکٹر جنرل اوقاف پنجاب خالد محمود سندھو عرصہ دراز تک دربار کے 981 ویں سالانہ غسل مبارک کے انتظامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسکوں فلیگ شپ پراجیکٹ، شہید والوں کیلئے میٹرک کا نتیجہ کافی ہے، صوبائی وزیر تعلیم

سرکاری سکول معیاری سکول کا وعدہ پورا کریں گے۔ وی سیز تعینا تیوں کیلئے کمیٹی بنادی۔ رانا سکندر حیات

میٹرک امتحانات میں پبلک سیکٹر کے سکولوں نے پرائیویٹ سکول مافیا کو مات دی ہے اور ان سے پوزیشنز چھین لی ہیں۔ پبلک سکول سسٹم اتنا کمزور کیسے کر گئی سیکٹر ایجوکیشن کے ذمہ داران جواب دیں، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا تعلیمی معیار اس حد تک بہتر کر دیا ہے کہ میٹرک امتحانات میں پبلک سیکٹر کے سکولوں نے پرائیویٹ سکول مافیا کو مات دی ہے اور ان سے پوزیشنز چھین لی ہیں۔ پبلک سکول سسٹم اتنا کمزور کیسے کر گئی سیکٹر ایجوکیشن کے ذمہ داران جواب دیں، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا تعلیمی معیار اس حد تک بہتر کر دیا ہے کہ میٹرک امتحانات میں پبلک سیکٹر کے سکولوں نے پرائیویٹ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 51

آزادی اظہار رائے کی آڑ میں کسی کی تضحیک نہیں ہونی چاہیے، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے کہا ہے کہ آزادِ اظہار رائے کی آڑ میں کسی کی تضحیک نہیں ہونی چاہیے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس اختر کیانی کے خلاف الزامات کی تشہیر پر توہین عدالت کیس کی سماعت چیف جسٹس عامر فاروق، جسٹس

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 52

بحیرہ عرب میں ہوا کے شدید دباؤ کے باعث مون سون میں زیادہ بارشوں کا امکان ہے، چیئرمین این ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی سیکرٹری اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے چیئرمین نے کہا ہے کہ بحیرہ عرب میں ہوا کا شدید دباؤ ہے جس کے باعث مون سون میں زیادہ بارشوں کا امکان ہے، مون سون کا آغبل بحارت سے پاکستان میں داخل ہونے کا امکان ہے، جولائی اور اگست کے دوران چاروں صوبوں میں بارشوں کا امکان ہے۔

پنجاب یونیورسٹی ماڈل ہائی سکول کی طالبات کا میٹرک سالانہ امتحان میں شاندار نتائج

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی ماڈل ہائی سکول فار گرلز کی طالبہ شیزہ فاطمہ نے 1134 نمبر لے کر سکول میں پہلی پوزیشن اپنے نام کر لی جبکہ اراقرہ حامد نے 1110 نمبر کے ساتھ دوسری اور میمونہ نواز نے 1050 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ لاہور بورڈ کی جانب سے اعلان کردہ نتائج کے مطابق پنجاب یونیورسٹی ماڈل

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 55

نکانہ صاحب میں قبضہ گروپوں کے خلاف فوری گرینڈ آپریشن شروع کیا جائیگا، سربراہ وان میں کمیشن

قبضہ گروپوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا، قوانین کے مطابق ایف آئی آر درج کی جائیں گی، شہیب سڈل

لاہور (این این آئی) نکانہ صاحب میں قبضہ گروپوں کے خلاف فوری گرینڈ آپریشن شروع کیا جائے گا، قبضہ گروپوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، قوانین کے مطابق ایف آئی آر درج کی جائیں گی، نیز سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یہ باتیں سپریم کورٹ کی جانب سے مقرر کیے

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 56



لاہور، صوبائی وزیر سوشل وبلغیر ویت المال جمیل شوکت بٹ گوجرانوالہ اور فیصل آباد ڈویژنز کے ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹمبر مافیا کے خلاف کارروائی، ریچنہ بابر مرزا رانا اعلیٰ حکام کی پھرپور حمایت حاصل ہے، ڈی سی

ریچنہ بابر مرزا رانا کی ٹمبر مافیا کے خلاف کارروائی، ڈی سی کی پھرپور حمایت حاصل ہے

ریچنہ بابر مرزا رانا کی ٹمبر مافیا کے خلاف کارروائی، ڈی سی کی پھرپور حمایت حاصل ہے

ریچنہ پولیس آفیسر راولپنڈی ریچنہ بابر مرزا رانا اعلیٰ حکام کی پھرپور حمایت حاصل ہے، ڈی سی راولپنڈی کی شکایات پر ملاقات جاری کر رہے ہیں

اتحاد بین المسلمین وقت کی اہم ضرورت ہے، مرکزی علماء کونسل

تمام مکاتب فکر کے علماء اور خطباء امت کو جوڑنے کا فریضہ ادا کریں، صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ اتحاد بین المسلمین وقت کی اہم ضرورت ہے، تمام مسالک کے علما اور مفتیان پاکستان انتہا پسندانہ سوچ اور شدت پسندی کو مکمل مسترد کرتے ہیں، تمام

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 42

اقتدار پر قابض جماعتیں عوام کیلئے وبال جان بن گئی ہیں، جے یو آئی (ف)

برسر اقتدار جماعتیں ہر سطح پر عوام کو ریلیف دینے کی بجائے بدقسمتی سے عوام کو کھال ادھیڑ رہی ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام (ف) سی لاہور محمد فضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ فرحان شفیع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہائیکورٹ بار مولانا توحید حسین نے کی۔

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 43

کاروبار شروع کرنے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کو کریڈٹ کی سہولت دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی رابطہ کمیٹی برائے سمال میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کی گیارہ اجلاس کا کاروبار شروع کرنے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کو کریڈٹ کی سہولت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ منگل کو قومی رابطہ کمیٹی برائے سمال میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کا گیارہ واں اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کی۔

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین کا انتخاب

اسلام آباد (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی شاہ زین خان ستی خیل قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے متفقہ طور پر چیئرمین منتخب ہوگئے۔ منگل کو شاہ زین خان ستی خیل کا بطور چیئرمین کا انتخاب قائمہ کمیٹی کے آج ہونے والے اجلاس میں کیا گیا۔ ممبر قومی اسمبلی اعظم خٹک نے شاہ زین خان ستی خیل کا نام چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کمیٹی تجویز کیا جبکہ ڈاکٹر نصر الزاق بھنڈارہ و دیگر ممبران کمیٹی نے شاہ زین خان ستی خیل کے بطور چیئرمین نام کی تائید کی۔ متفقہ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کمیٹی

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 41

میٹرک کے طلبہ کو نتائج کے حصول کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ تک رسائی میں مشکل

ویب سائٹ کے ساتھ موبائل سروس پر بھی نتائج حاصل کرنے میں گھنٹوں لگ گئے

لاہور (این این آئی) میٹرک کے طلبہ کو نتائج کے حصول کیلئے لاہور بورڈ کی ویب سائٹ تک رسائی کے سالانہ امتحانات کے نتائج کے اجراء کا اعلان کیا گیا تھا تاہم ویب سائٹ کا سرور زیادہ ہونے کے باعث کریش کر گیا۔ طلبہ کو نتائج کے حصول کے

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 40

پنجاب میں 10 سے 15 جولائی تک مون سون بارشوں کا الرٹ جاری

بیشتر اضلاع میں تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارشوں کی پیشگوئی، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم اے پنجاب نے 10 سے 15 جولائی تک مون سون بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق بارہ سے چودہ جولائی جنوبی پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آندھی اور تیز بارش کے امکانات ہیں۔ بارشوں سے پنجاب کے نشیبی علاقے بھر سکتے ہیں، ارین فلڈنگ کے خطرے کے پیش نظر ریسکیو شعبوں کی انتظامیہ الرٹ رہے اور شہری انتظامات مکمل کریں۔ طوفان سے بجلی کے کھمبوں اور سولر

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 39



ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید جعلی دودھ تیار کرنے والے یونٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

راولپنڈی، اڈیالہ جیل میں قیدی کا قتل، جیل انتظامیہ پر مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل راولپنڈی میں شاہزیب نامی قیدی کے قتل پر مقتول کے والد نے جیل انتظامیہ اور مخالفین پر قتل کا مقدمہ درج کروا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مقتدمے میں جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل میں قید 22 سالہ شاہزیب بھٹی کے والد شاہد بھٹی نے تنزیل اتھانیہ اور مخالفین کے خلاف قتل کا مقدمہ تھانہ صدر میں درج کروایا، مدعی مقتول شاہزیب بھٹی کے والد شاہد شاہزیب بھٹی کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 38

سعودی عرب کا سوڈان میں جنگ بندی کی اقوام متحدہ کی سالمی کا خیر مقدم

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے جمہوریہ سوڈان میں متحارب فریقین کے درمیان جنگ بندی کے لیے اقوام متحدہ کے ہی جانے والی کوششوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی نائب وزیر خارجہ ایلچیئر ولید الخریجی نیسوڈان میں اقوام متحدہ اور بین الاقوامی کوششوں کے لیے سعودی عرب کے خیر مقدم اور حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔ ان سالمی

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 57

صدارتی ڈوڑ سے باہر نہیں ہوں گا، بائیڈن

صدارتی الیکشن میں ڈونلڈ ٹرمپ کو پھر ہرادوں گا، ارکان کانگریس کے نام خط

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جوبائیڈن نے اپنی سیاسی جماعت کے اراکین کانگریس پر واضح کر دیا ہے کہ وہ صدارتی دوڑ سے باہر نہیں ہوں گے، آخر تک لڑیں گے اور یقین ظاہر کیا کہ وہ صدارتی الیکشن میں ڈونلڈ ٹرمپ کو پھر ہرادیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈیموکریٹ جوبائیڈن نے کانگریس کے اراکین کے نام خط میں کہا ہے کہ پچھلے دس روز میں انہوں نے پارٹی رہنماؤں، سٹاف اور ووٹرز سے بات چیت کی ہے۔

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 58

مقبوضہ کشمیر، نامعلوم افراد کا حملہ، 4 بھارتی فوجی ہلاک

ضلع کشتوہ میں بھارتی فوج کی گاڑی کو دستی بموں اور فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا

ضلع کشتوہ میں بھارتی فوج کی گاڑی کو دستی بموں اور فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ ملا دوڑ سری نگر جموں شاہراہ پر مچیل ماڑ کے علاقے میں 4 بھارتی فوجی ہلاک اور 6 زخمی ہوگئے۔ دو بھارتی فوجیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ بھارتی ذرائع کے مطابق

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 54

روس کا اپنی فوج سے تمام بھارتیوں کو نکالنے کا فیصلہ

یوکرین اور روس کی جنگ کے دوران 2 بھارتی ہلاک ہو چکے ہیں، رپورٹ

ماسکو (این این آئی) روسی فوج میں کام کرنے والے تمام بھارتیوں کو فارغ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یوکرین اور روس کی جنگ کے دوران 2 بھارتی ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 53

ایم کیو ایس سی کا فاطمہ جناح کی برسی پر اجلاس، مذمتی قرار داد منظور

فاطمہ جناح نے قائداعظم کے مشن کی تکمیل کیلئے آخری سانس تک جدوجہد کی، مقررین

کراچی (این این آئی) ماروت کے نام سے جانی جانے والی محترمہ فاطمہ جناح کا شمار تحریک پاکستان کے اہم رہنماں میں ہوتا ہے ان سے محبت اور عقیدت کا برملا یہ بھی ہے کہ وہ اپنے بھائی بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی پرجوش حامی تھیں۔

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 60



لاہور ریلوے اسٹیشن کے سامنے پارک میں لگے پھول خوبصورت منظر پیش کر رہے ہیں

سنگاپور، بھارتی بار کے مالک کو کم عمر لڑکی سے زیادتی پر قید کی سزا

راج کمار بالا کو چیلنج اینڈ ینگ پرسنز ایکٹ کے تحت تصور دار ٹھہرایا گیا، رپورٹ

سنگاپور سٹی (این این آئی) سنگاپور میں بھارتی نژاد بار کے مالک کو لڑکی سے زیادتی کرنے پر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 42 سالہ راج کمار بالا کو 17 سالہ لڑکی سے زیادتی اور چھیڑ چھاڑ کے الزام میں 13 سال 4 ماہ کی سزا سنائی گئی ہے۔ راج کمار بالا کو چیلنج اینڈ ینگ پرسنز ایکٹ کے تحت گھر سے بھاگنے والی نوجوان لڑکی کو پناہ دینے کے الزام

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 59

محرم میں امن وہیجتی کیلئے علماء کرداراداکریں، متحدہ علماء محاذ

شہادت فاروقؓ و حسینؓ استعماری سازشوں کیخلاف وحدت امت کا درس دیتی ہیں، مولانا محمد امین انصاری

اداکریں، شہادت فاروقؓ و حسینؓ استعماری سازشوں کے خلاف وحدت امت کا درس دیتی ہیں۔ علما وذاکرین دل آزاری، اشتعال انگیز،

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 58

غزہ میں مزید 45 فلسطینی شہید، ایک بار پھر انخلا کا حکم

غزہ (این این آئی) غزہ شہر میں ایک بار پھر بے گھر فلسطینیوں کو فوری انخلا کا حکم دے دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطین کے مصور علاقے غزہ میں 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت کو 9 ماہ مکمل ہو گئے ہیں تاہم اب تک 38 ہزار سے زائد بے گناہ فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جن میں بڑی تعداد معصوم بچوں اور بچیوں کی ہے۔ اسرائیلی فوج کے حملوں میں 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی فوج کے حملوں میں مزید 45 سے زیادہ فلسطینی شہید ہوگئے۔

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 62

شکایت درج کرانے پر حملہ آوروں کی شامی خاندان کو دی گئی دھمکی

ملک بدری کی دھمکی دی گئی

افغانستان (این این آئی) ترکیہ میں حملہ آوروں کے ہاتھوں زخمی ہونے والے شامی خاندان کو ترکیہ سے ملک بدری کی دھمکی دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکیہ میں تشدد کا نشانہ بننے والے شامی خاندان کو ترکیہ سے ملک بدری کی دھمکی دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکیہ میں تشدد کا نشانہ بننے والے شامی خاندان کو ترکیہ سے ملک بدری کی دھمکی دی گئی ہے۔ اضافے کی روشنی میں شامی پناہ گزینوں کے مصائب میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ قیصری شہر میں ایک شامی خاندان پر اس کے پڑوسیوں نے حملہ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 63

ایران کا پہلی بار اسرائیل پر براہ راست حملہ، 200 میزائل داغے

اسرائیل کے دفاعی نظام کو شدید نقصان پہنچا، امریکی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران نے اسرائیل پر 200 میزائل داغ دیے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایران نے اسرائیل پر پہلی بار براہ راست حملہ کیا ہے۔ اسرائیل کے دفاعی نظام کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ایران نے اسرائیل پر 200 میزائل داغے ہیں